Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ

عوام کی بے ساختہ للکار

ABC Certified

روزنامہ

Daily Awami Lalkaar

راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعرات، 04 مئی، 2023ء، 13 شوال المکرم 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 23

چیف جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ کہاں ہیں درخواست گزار؟ وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ نے کہا کہ وہ نہیں آسکے اس لیے استثنی کی درخواست دائر کی ہے

عمران خان پیش نہ ہوئے تو عبوری ضمانت خارج کر دیں گے

اسلام آباد ہائیکورٹ

عدالتی وقت تک درخواست گزار عمران خان پیش نہ ہوئے تو عبوری ضمانت خارج کر دیں گے، عدالتوں کا مذاق بنا کر رکھا ہوا ہے، ہائیکورٹ کو سول کورٹ سمجھ رکھا ہے کیا؟ چیف جسٹس

چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کیخلاف اداروں کو بغاوت پر اکسانے کے کیس میں سماعت شروع ہوئی تو عمران خان کی ذاتی حیثیت میں عدم پیشی پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) اداروں کو بغاوت پر اکسانے کے کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے متنبہ کی ہے کہ عدالتی اوقات میں عمران خان پیش نہ ہوئے تو عبوری ضمانت خارج کر دیں گے۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کیخلاف اداروں کو بغاوت پر اکسانے کے کیس میں سماعت شروع ہوئی تو عمران خان کی ذاتی حیثیت میں عدم پیشی پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ کہاں ہیں درخواست گزار؟ وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ نے کہا کہ وہ نہیں آسکے اس لیے استثنی کی درخواست دائر کی ہے، چیف جسٹس نے کہا کہ کہاں ہے استثنی کی درخواست، جس پر وکیل نے جواب دیا کہ درخواست دائر ہوگئی ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ عدالتی وقت تک درخواست گزار عمران خان پیش نہ ہوئے تو عبوری ضمانت خارج کر دیں گے، عدالتوں کا مذاق بنا کر رکھا ہوا ہے، ہائیکورٹ کو سول کورٹ سمجھ رکھا ہے کیا؟ عدالتوں کو مذاق بنا کر رکھ دیا ہے، یا ہم نیچے آگئے ہیں یا وہ اوپر آگئے ہیں۔ بعدازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف و سابق وزیراعظم عمران خان کی عدالتی اوقات میں پیشی تک سماعت میں وقفہ کردیا۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ کہاں ہیں درخواست گزار؟ وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ نے کہا کہ وہ نہیں آسکے اس لیے استثنی کی درخواست دائر کی ہے، چیف جسٹس نے کہا کہ کہاں ہے استثنی کی درخواست، جس پر وکیل نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر1)

سپریم کورٹ کا آڈٹ، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے رجسٹرار کو طلب کر لیا

نور عالم خان کے مطابق سپریم کورٹ کے 2010-11 سے 2020-21 تک کے آڈٹ کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے سپریم کورٹ کے آڈٹس کے معاملے پر رجسٹرار سپریم کورٹ کو 16 مئی کو طلب کر لیا۔ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نور عالم خان کے مطابق سپریم کورٹ کے 2010-11 سے 2020-21 تک کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر4)

مذاکرات سے کچھ حاصل نہیں ہوا اصل مسئلہ ہی الیکشن کی تاریخ طے کرنا ہے، شیخ رشید

مذاکرات سے نہ کچھ حاصل ہونا تھا نہ کچھ حاصل ہوا ہے، اصل مسئلہ ہی الیکشن کی تاریخ طے کرنا ہے، باقی سب بہانے ہیں

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ مذاکرات سے نہ کچھ حاصل ہونا تھا نہ کچھ حاصل ہوا ہے، اصل مسئلہ ہی الیکشن کی تاریخ طے کرنا ہے، باقی سب بہانے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر3)

عمران خان دوست PTI کا قریب راستہ کوئی نہیں روک سکتا، بابر اعوان

پاکستان کی تاریخ میں اس سے پہلے اتنی بڑی تعداد میں لوگ گرفتار نہیں ہوئے جتنے اس فاشسٹ حکومت نے پچھلے 1 1 ماہ میں کیے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اور ماہر قانون ڈاکٹر بابر اعوان نے کہا ہے کہ لوگ اس وقت عدلیہ پر حملہ آور ہیں اور جو لوگ عدلیہ پر حملہ کر رہے ہیں وہ دو جرائم کر رہے ہیں، ایک وہ آئین توڑ رہے ہیں اور دوسرا توہین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر2)

وزیراعظم سے نگران وزیراعلی پنجاب سید محسن رضا نقوی کی ملاقات میں صوبے میں مجموعی امن وامان کی صورتحال اور دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہوا

وزیراعظم سے نگران وزیراعلی محسن نقوی کی ملاقات

مختلف امور پر تبادلہ خیال

ملاقات میں صوبے میں مجموعی امن وامان کی صورتحال اور دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گندم کی بھرپور فصل ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا

نگران وزیراعلی نے حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری پر وزیراعظم کو بریف کیا، شہباز شریف نے کہا رواں سال گندم کی بھرپور فصل کا فائدہ کسانوں تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف سے نگران وزیراعلی پنجاب محسن رضا نقوی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے میں مجموعی امن وامان کی صورتحال اور دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گندم کی بھرپور فصل ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ نگران وزیراعلی نے حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری پر وزیراعظم کو بریف کیا، شہباز شریف نے کہا رواں سال گندم کی بھرپور فصل کا فائدہ کسانوں تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے نگران وزیراعلی پنجاب محسن رضا نقوی نے ملاقات کی

ایل پی جی کی سرکاری قیمت میں اضافہ، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) ایل پی جی کی سرکاری قیمت میں اضافہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اوگرا نے ایل پی جی بھی مزید مہنگی کر دی ہے اور ماہ مئی کیلئے نئی قیمتوں کا نوٹیفکیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر6)

مذاکرات کی مزید نشستیں بے معنی دکھائی دیتی ہیں، شاہ محمود قریشی

اسحاق ڈار نے خود تسلیم کیا کہ پی ٹی آئی نے لچک دکھائی، قوم آئین کا دفاع کرے گی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) شاہ محمود قریشی کا کہنا ہے کہ مجھے مذاکرات کی مزید نشستیں بے معنی دکھائی دیتی ہیں، حکومتی حلقوں نے مذاکرات ناکام کرنے کی ہر ممکن کوشش کی۔ تفصیلات کے مطابق وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر7)

اتحادی حکومت پریس کی آزادی پر کامل یقین رکھتی ہے، مریم اورنگزیب

آئین پاکستان آزادی صحافت اور شہریوں کی درست معلومات تک رسائی کے حق کا ضامن ہے، مریم اورنگزیب

پی ٹی آئی کے چار سالہ دور میں پراسرار سنسر شپ نے صحافیوں کو خوفزدہ کیا، آج ملک میں صحافت مکمل طور پر آزاد ہے

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کا آئین آزادی صحافت اور شہریوں کی درست معلومات تک رسائی کے حق کا ضامن ہے، بدقسمتی سے پاکستان میں 2018 سے 2022 تک صحافت ایک کٹھن دور سے گزری، پی ٹی آئی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر13)

سپریم کورٹ آف پاکستان
SUPREME COURT OF
PAKISTAN

اسلام آباد: تحریک انصاف نے مذاکرات کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کروادی

عدالت پیشی سے بچنے کیلئے شوکت خانم سے جھوٹی رپورٹ بنوائی گئی، رانا ثنا اللہ

پہلے پلستر باندھ لیا، پھر بالٹی چڑھالی، ریلی نکالی تو بالکل ٹھیک تھا، عدالتوں میں ٹرائل شروع ہیں 10 دن آرام کا مشورہ، وفاقی وزیر داخلہ

الیکشن کی رٹ بھی مقدمات سے بچنے کیلئے تھی، پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں بھی مقدمات سے بچنے کیلئے توڑی گئیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ عدالت اور پولیس کے سامنے پیش نہ ہونا ہو تو معائنہ سرکاری ہسپتال سے ہوتا ہے، شوکت خانم سے عدالت نہ پیش ہونے کیلئے جھوٹی رپورٹ بنوائی گئی ہے۔ اپنے ایک بیان میں (ن) لیگی رہنما رانا ثنااللہ نے کہا کہ پہلے پلستر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر8)

منی لانڈرنگ ریفرنس، نیب تفتیشی افسر سے سپلیمنٹری رپورٹ طلب

جج قمر الزماں نے منی لانڈرنگ کے الزام میں نیب کے ریفرنس پر بدھ کو سماعت کی

لاہور (جنرل رپورٹر) احتساب عدالت لاہور نے حمزہ شہباز سمیت دیگر کیخلاف منی لانڈرنگ ریفرنس میں نیب کے تفتیشی افسر سے سپلیمنٹری رپورٹ طلب کر لی جبکہ سلمان شہباز اور شریک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر14)

گن پوائنٹ پر بات نہیں ہوگی، 14 مئی تک اسمبلیاں کسی صورت نہیں توڑیں گے، خواجہ آصف

اگر عمران خان ایسا کرے گا تو اس کا جواب ایسے ہی آئے گا جیسا میں اور میرے ساتھی دے رہے ہیں، چیئرمین تحریک انصاف

خواجہ آصف نے کہا کہ قانون بننے سے پہلے عدالت عملدرآمد روک دیتی ہے اور پھر ہمیں کہتی ہے کہ ہم عدالت میں مداخلت کر رہے ہیں

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پی ٹی آئی کا 14 مئی تک اسمبلی توڑنے کا مطالبہ مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ ہم 14 مئی تک اسمبلی توڑنے کا مطالبہ مان لیں، نہ ہم مانیں گے اور نہ ہی پی ڈی ایم کی کوئی جماعت مانے گی۔ ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ گن پوائنٹ پر بات چیت نہیں ہوگی، اگر عمران خان ایسا کرے گا تو اس کا جواب ایسے ہی آئے گا جیسا میں اور میرے ساتھی دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ ہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر12)

میڈیا کو ریاست کے چوتھے ستون کی حیثیت حاصل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ میڈیا کو ریاست کے چوتھے ستون کی حیثیت حاصل ہے، میڈیا عوام کو ہر لمحہ باخبر رکھنے اور انہیں شعور اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر15)



چوہدری حامد حمید صاحب کی جانب سے گرلز کالج روڈ تا ڈری روڈ کی مرمت، تعمیر کا کام شروع

ملک بھر میں عام انتخابات کے لیے حکومت اور پی ٹی آئی کی تجویز کردہ تاریخیں سامنے آگئیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ملک بھر میں عام انتخابات کے لیے حکومت اور پی ٹی آئی کی تجویز کردہ تاریخیں سامنے آگئیں۔ رپورٹ کے مطابق حکومتی وفد نے پی ٹی آئی وفد کو 15 ستمبر کو ملک بھر میں انتخابات کرانے کی تجویز دے دی جب کہ پی ٹی آئی کی جانب سے 15 جولائی کو ملک بھر میں انتخابات کرانے کی تجویز دی گئی۔ پی ٹی آئی نے 14 مئی سے قبل اسمبلیوں کی تحلیل کی تجویز دی۔ حکومتی اتحاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر11)

رائیونڈ غیر قانونی ویگن اسٹینڈز، کار سٹینڈ، رکشہ سٹینڈ کی بھرمار

ریلوے روڈ پر غیر قانونی ویگن اسٹینڈز، کار سٹینڈ، رکشہ سٹینڈ وارڈنز کو منہ چڑاتے ہیں

رائیونڈ (جنرل رپورٹر) رائیونڈ غیر قانونی ویگن اسٹینڈز، کار سٹینڈ، رکشہ سٹینڈ کی بھرمار تحصیل بھر میں قائم درجنوں غیر قانونی منی پٹرول موت بانٹتے دکھائی دیتے ہیں لیکن قانون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر9)

تھانہ کوہسار، سٹال ہولڈرز کی جانب سے خریداری کے دوران لڑائی جھگڑے

علاقہ مجسٹریٹ نے 12 ملزمان کی 50 ہزار مچلکہ کے عوض ضمانت منظور کر کے ملزمان کی رہائی کا حکم دیدیا

اسلام آباد (خبرنگار) تھانہ کوہسار کی حدود میں واقع گول مارکیٹ میں چند روز قبل قومی اسمبلی کے ایڈیشنل سیکرٹری شمعون ہاشمی اور انکے اہل خانہ پر سٹال ہولڈرز کی جانب سے خریداری کے دوران لڑائی جھگڑے، مار پیٹ کر کے زخمی کرنے اور خواتین کو ہراساں کرنے کے جرم میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر10)

ہیلتھ سیفٹی اور ٹرانسپورٹ کی سہولت لیا ملازمین کا بنیادی حق ہے، قمر الاسلام راجہ

مطمئن ملازم بہترین سروسز کے ذریعے ادارے کا وقار بلند کرتا ہے، چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹر آئیسکو

چیف ایگزیکٹو آئیسکو نے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آئیسکو انجینئر قمر الاسلام راجہ اور بورڈ کے دیگر ممبران کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آئیسکو انجینئر قمر الاسلام راجہ نے کہا ہے کہ آئیسکو کے افسران و عملہ اپنی انتھک کاوشوں کی بدولت بجلی صارفین کو بہترین سروسز کی فراہمی کو یقینی بنا رہے ہیں۔ آئیسکو بورڈ اور انتظامیہ کی جانب سے ان محنتی جفاکش ملازمین کو ہیلتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: عدالت پیشی سے بچنے کیلئے شوکت خانم سے جھوٹی رپورٹ بنوائی گئی، رانا ثنااللہ

گندم کی غیر قانونی ترسیل کے خلاف صوبے بھر میں آپریشن جاری

صوبے کے متعدد اضلاع میں انتظامیہ نے ہزاروں بوریاں برآمد کر لیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی کی خصوصی ہدایت پر پنجاب بھر کے مختلف اضلاع میں انتظامیہ کی جانب سے گندم کی غیر قانونی ترسیل اور چینی کی ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ نے بھی گوجرانوالہ سٹی، صدر کاموکی، نوشہرہ ورکاں میں ذخیرہ اندوزوں اور اسمگلرز کے خلاف کاروائیاں کیں۔ رائس ملوں، فلور ملوں کے گوداموں، ڈیروں اور نجی پیٹرول پمپ پر ذخیرہ کی گئیں 45 ہزار 5 سو سے زائد گندم کی بوریاں برآمد کرتے ہوئے سرکاری مراکز میں منتقل کر دی گئی۔ اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے قائم چیک پوسٹوں سے متعدد ٹرک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر16)

TOYOTA ISLAMABAD MOTORS

آئیسکو کے افسران وعملہ اپنی انتھک کاوشوں کی بدولت بجلی صارفین کو بہترین سروسز کی فراہمی کو یقینی بنا رہے ہیں

تحریک انصاف نے حکومت کے ساتھ مذاکرات کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ملک بھر میں انتخابات ایک ساتھ کرانے کا کیس، تحریک انصاف نے پی ڈی ایم کے ساتھ مذاکرات کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرا دی۔ میڈیا رپورٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر18)

ثاقب نثار کے بیٹے کی مبینہ آڈیو کی تحقیقات کیلئے خصوصی کمیٹی قائم

کمیٹی جامع تحقیقات کے بعد رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش کرے گی، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے بیٹے کی مبینہ آڈیو سے متعلق اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ثاقب نثار کے بیٹے نجم ثاقب کی تحریک انصاف کی ٹکٹوں سے متعلق مبینہ آڈیو کی تحقیقات کیلئے خصوصی کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے محمد اسلم بھوتانی کو کمیٹی کا چیئرمین مقرر کر دیا جبکہ قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر19)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آزادی صحافت کا عالمی دن منایا گیا

ملتان (سٹی رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آزادی صحافت کا عالمی دن منایا گیا اس دن کی مناسبت سے ملک بھر میں شعبہ صحافت سے وابستہ مختلف تنظیموں کے زیر اہتمام پروگرامز منعقد ہوئے جن سے مقررین نے خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر20)

پولیس کی گھر پر چڑھائی، محسن نقوی معذرت کیلئے شجاعت حسین کی رہائش گاہ پہنچ گئے

تحقیقات میں ذمہ داروں کا تعین ہوگا اور بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی، نگران وزیراعلیٰ

لاہور (نیوز رپورٹر) چوہدری شجاعت کے گھر پر پولیس کی چڑھائی، نگران وزیراعلیٰ پنجاب معذرت کیلئے سربراہ مسلم لیگ ق کی رہائش گاہ پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق نگران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

06 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن اور گولیاں برآمد، مقدمات درج

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن اور گولیاں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے ملزم نعیم سے 15 رونڈ پسٹل 30 بور، آراے بازار پولیس نے ملزم حابل سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر22)

دفتر محتسب پنجاب کی جانب سے عوام کو ریلیف کی فراہمی

ڈپٹی کمشنر دفاتر میں ایک لاکھ 94 ہزار 593 اسلحہ لائسنسوں کی حسب ضابطہ تجدید کردی گئی

آلودہ پانی سے بچانے کے لئے سات ملین روپے سے باؤنڈری وال کی تعمیر کا منصوبہ شروع کیا ہے

لاہور (جنرل رپورٹر) دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے ایف ڈی اے سٹی کے رہائشیوں کو سیوریج اور فیکٹریوں کے صنعتی فضلہ کے آلودہ پانی سے بچانے کے لئے سات ملین روپے سے باؤنڈری وال کی تعمیر کا منصوبہ شروع کیا ہے۔ آج یہاں جاری ایک بیان میں ترجمان نے بتایا کہ محتسب آفس کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے محکمہ ماحولیات اور میونسپل کارپوریشن کو سمانہ گاؤں میں صنعتی فضلہ جات کو مناسب طریقہ سے ٹھکانے نہ لگانے اور سیوریج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر23)

سرگودھا کے علاقے میانی میں قادیانوں نے مسجد تعمیر کر دی ذمہ داران نوٹس لیں، چوہدری حامد حمید

اپنی خواہش کے مطابق موڑ توڑ کر سوشل میڈیا پر پیش کرنا بددیانتی ہے، معاون خصوصی وزیراعظم

ملک جس پریشانی سے گھرا ہوا ہے اس میں سب سے بڑا عنصر جھوٹ کا ہے، قومی اسمبلی میں گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) معاون خصوصی وزیراعظم، وزیر مملکت وایم این اے سرگودھا چوہدری حامد حمید نے قومی اسمبلی میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سرگودھا کے علاقے میانی میں قادیانیوں نے مسجد تعمیر کی اور اس مسجد پر باقاعدہ بورڈ لگا کر یہ بتایا گیا کہ یہ عبادت گاہ مرزائیوں کے لیے ہے یہاں پر مسلمان کمیونٹی کا داخلہ منع ہے۔ جن کو اس پارلیمنٹ نے اس ہاؤس نے غیر مسلم ڈکلیئر کیا اور ساتھ ساتھ یہ بھی طے کیا کہ قادیانی کوئی اپنی عبادت گاہ یا مسجد پاکستان کی سرزمین پر نہیں بنائیں گے۔ تو میں پوچھنا یہ چاہتا ہوں کہ کس طریقے سے وہ مسجد میانی میں بنی؟ کس طریقے پر جا کر ان کو وہاں پر مقامی لوگوں کو مسمار کرنا پڑا؟ ان کے مینار لگانے کی اجازت کس نے دی؟ اس مسجد میں نماز ادا کرنے کی اجازت کس نے دی؟ آج آپ دیکھیں کہ پاکستان کے کسی بھی طول وعرض میں مسجد بنانی ہو تو ہمیں ڈپٹی کمشنر کی طرف سے لیٹر آتا ہے کہ جب تک اس مسجد کی رجسٹریشن نہیں ہوگی آپ تب تک اس مسجد کی تعمیر نہیں کر سکتے۔ میرے سرگودھا شہر میں تقریباً نو سے دس میرے حلقے کی ایسی مساجد ہیں جو پچھلے ڈیڑھ سال سے بند ہیں جو اس لیے نہیں بن سکیں کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر24)

فلائٹ ٹیکٹیکل مشق "اناطولین ایگل "2023- کاقونیا، ترکیہ میں آغاز

بین الاقوامی فلائٹ ٹیکٹیکل مشق، اناطولین ایگل 2023 کی افتتاحی تقریب ترکیہ کے شہر قونیا میں منعقد ہوئی۔ پاک فضائیہ کے ایف 16- لڑاکا طیاروں کے ساتھ ساتھ ایئر اینڈ گراؤنڈ عملہ بھی مشق میں شریک ہے۔ اناطولین ایگل ایک سالانہ مشق ہے جس کی میزبانی ترک فضائیہ کی جانب سے کی جا رہی ہے۔ یہ مشق دنیا کی سب سے بڑی اور پیچیدہ مشترکہ فضائی مشقوں میں سے ایک ہے، جس کا مقصد شرکا کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ مشترکہ تربیت کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ یہ مشق ایک حقیقی فضائی جنگ کے پس منظر میں شریک ہونے والی فضائی افواج کو اپنی آپریشنل تیاریوں کو جانچنے کا ایک بہترین موقع فراہم کرتی ہے۔ مشق کے ساتویں ایڈیشن میں پاکستان اور ترکیہ کے علاوہ دیگر پانچ ممالک، بشمول آذربائیجان، قطر، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور برطانیہ کی فضائی افواج حصہ لے رہی ہیں۔

چیلنجز سے بھرپور عصر حاضر کی تزویراتی صورتحال اور سیکورٹی کے ماحول میں بڑھتی ہوئی پیچیدگیوں کے پیش نظر اس طرح کی فضائی مشقیں پاک فضائیہ کو دوست ممالک کے ساتھ مشترکہ آپریشنز کی صلاحیت کو بہتر بنانے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آزاد کشمیر، سیاست کی نئی کروٹ

چوہدری انوار الحق آزاد کشمیر کے بلامقابلہ وزیراعظم منتخب ہو گئے ہیں، انہوں نے 52 کے ایوان میں 48 ووٹ حاصل کئے جو آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی تاریخ کا سب سے بڑا مینڈیٹ ہے۔ وہ آزاد کشمیر کے 15 ویں وزیراعظم ہیں۔ منتخب ہونے کے بعد اسمبلی سے اپنے پہلے خطاب میں ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے آزاد حیثیت سے الیکشن لڑا ہے، انہیں پی ڈی ایم اور پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کے اراکین اسمبلی نے ووٹ دیا۔ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کا ہنگامی اجلاس جمعرات کی شب ہوا تھا جس میں کاغذات نامزدگی جمع کرانے کے لیے رات 12 بجکر 40 سے 55 یعنی صرف 15 منٹ دیے گئے تھے۔ سیکرٹری اسمبلی کے مطابق کسی اور نے کاغذات نامزدگی جمع ہی نہیں کرائے اِس لیے چوہدری انوار الحق بلامقابلہ وزیراعظم منتخب ہو گئے۔ بلامقابلہ انتخاب کے بعد اسمبلی میں ووٹنگ کے عمل کے دوران چوہدری انوار الحق کو پیپلز پارٹی اور فارورڈ بلاک کے 12، 12 اراکین کے ساتھ) ن (لیگ کے سات ارکان کی حمایت بھی حاصل رہی۔ نومنتخب وزیراعظم کا تعلق آزاد کشمیر کے ضلع بھمبر سے ہے، وہ 2006 میں پہلی بار رکن اسمبلی منتخب ہوئے تھے جبکہ دو بار سپیکر بھی رہ چکے ہیں۔ انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اِس ایوان میں کون اپوزیشن ہوگا اور کون حکومت میں یہ آنے والا وقت بتائے گا، وہ تربیت یافتہ سیاسی کارکن ہیں، کسی حادثے کے نتیجے میں وزیراعظم نہیں بنے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر شہری کو ریاست کے وزیراعظم کے احتساب کا پورا حق دیا جائے گا۔ سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کا کہنا تھا کہ عمران خان نے وزارتِ عظمی آزاد کشمیر کے لیے کسی کو نامزد نہیں کیا، پارٹی پالیسی کے خلاف کوئی اقدام برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری انوار نے عمران خان کو کچھ اور آزاد کشمیر اسٹیبلشمنٹ کو کچھ اور کہا، وہ کہتے تھے کہ یہ سب کچھ پارٹی بچانے کے لیے کر رہے ہیں لیکن آج سازش کا علم ہوا۔ واضح رہے کہ 11 اپریل کو آزاد کشمیر ہائی کورٹ نے وزیراعظم تنویر الیاس کو توہین عدالت کے الزام پر اسمبلی رکنیت سے نااہل قرار دے دیا تھا جس کے بعد وہ عہدے سے فارغ ہو گئے تھے۔ سماعت کے دوران عدالت نے وزیراعظم آزاد کشمیر کے تین ویڈیو کلپس چلا کر پوچھا تھا کہ کیا وہ الزامات کا سامنا کریں گے تو انہوں نے نفی میں جواب دیتے ہوئے عدالت سے غیر مشروط معافی مانگ لی تھی تاہم عدالت نے انہیں عدالت برخاست ہونے تک قید کی سزا سنا دی۔ گزشتہ سال 18 اپریل کو سردار تنویر الیاس بھی بلامقابلہ منتخب ہوئے تھے اور انہیں 33 اراکین اسمبلی نے ووٹ دیئے تھے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ نئے وزیراعظم اور اس وقت کے سپیکر اسمبلی انوار الحق ہی نے سردار تنویر الیاس کی کامیابی کا اعلان کیا تھا۔ اس سے پہلے وزیراعظم عبدالقیوم نیازی کے خلاف 25 پی ٹی آئی ممبران کے دستخط کے ساتھ تحریک عدم اعتماد جمع کرائی گئی تھی۔ عبدالقیوم نیازی نے پہلے پانچ وزرا کو کابینہ سے برطرف کیا تاہم بعد میں وہ خود بھی مستعفی ہو گئے۔ وہ جولائی 2021 میں ہونے والے عام انتخابات کے بعد وزیراعظم بنے تھے اور آٹھ ماہ سے زائد عرصے تک اس عہدے پر فائز رہے جبکہ سردار تنویر نے بھی لگ بھگ ایک سال تک یہ منصب سنبھالے رکھا۔ کشمیر کی سیاست پر پاکستان کی سیاست کے گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں، کہا جاتا ہے کہ جس کی پاکستان میں حکومت ہوتی ہے، اسی کی حکومت آزاد کشمیر میں بن جاتی ہے۔ 2021 میں بھی ایسا ہی ہوا تھا کہ وفاق میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت تھی تو آزاد کشمیر میں پی ٹی آئی کامیاب ٹھہری تاہم ایک سال سے بھی کم عرصے میں پی ٹی آئی ارکان نے اپنے ہی وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کر دی جس کے نتیجے میں سردار تنویر وزیراعظم بن گئے تھے۔ نئے قائد ایوان کے انتخاب میں متحارب سیاسی جماعتوں نے جس اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے، وہ آزاد کشمیر کی سیاست میں ایک نئے باب کا اضافہ قرار دیا جاسکتا ہے۔ سردار تنویر الیاس کے ردعمل سے معلوم ہوتا ہے۔

مذاکرات اور چوہدری پرویز الہی

محمد علی یزدانی

ایک طرف حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات جاری ہیں تو دوسری طرف حکومتی اتحاد میں شامل بڑی جماعت ن لیگ کے سرکردہ رہنماں کا ماننا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات وقت کا ضیاع ہے۔ خواجہ آصف، جاوید لطیف اور مریم نواز نے اپنے بیانات میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات سے کچھ حاصل نہیں ہونے والا۔ جس پر سنجیدہ حلقے سوالات اٹھا رہے ہیں اگر ان مذاکرات سے کچھ حاصل نہیں کیا جاسکتا تو پھر وقت کیوں ضائع کیا جارہا ہے اور ایک ہیجان کی کیفیت کیوں بنا دی گئی ہے اور پوری قوم کو ٹرک کی بتی کے پیچھے کیوں لگا دیا ہے۔ دوسری جانب عمران خان کہتے ہیں کہ اگر الیکشن سپریم کورٹ کی دی گئی ڈیڈ لائن پر نہیں ہوتے تو وہ تحریک چلانے کیلئے تیار ہیں بلکہ سڑکوں پر آنے کیلئے تیار ہیں اور ایک نیا لانگ مارچ بھی کریں گے۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر حکومت اور پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما ایک دوسرے کو یوں ہی لتاڑتے رہیں گے تو پھر مذاکرات مذاکرات کا کھیل کیوں کھیلا جا رہا ہے۔ سیاسی حلقوں میں مذاکرات کو لے کر ایک اور اہم سوال بھی اٹھایا جا رہا ہے کہ اگر مذاکرات کامیاب نہیں ہوتے تو کیا سپریم کورٹ مزید کارروائی کرے گی یا معاملے کو جوں کا توں رہنے دیا جائے گا، کیونکہ سپریم کورٹ کے حکم نامے کے بعد ہی مذاکرات شروع ہوئے تھے اور اگر یہ نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوتے تو پھر چودہ مئی کو ہونے والے انتخابات پر بھی سوالیہ نشان لگ جائے گا۔ مئی کا آغاز ہو چکا ہے اور ابھی تک نا تو حکومت نے الیکشن کمیشن کو فنڈز جاری کئے ہیں اور نہ ہی سیاسی جماعتوں کی جانب سے کوئی ایسی سرگرمی دیکھنے کو مل رہی ہے کہ کہا جائے کہ دس بارہ دن بعد الیکشن ہونے والے ہیں، یعنی کسی قسم کی سیاسی گہما گہمی جو انتخابات کا خاصہ ہوتی ہے وہ دیکھنے کو نظر نہیں آ رہی اس لئے چودہ مئی کو پنجاب میں ہونے والے انتخابات تاحال مشکوک ہی دکھائی دیتے ہیں۔ مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو پھر وزیراعظم شہباز شریف کی نااہلی پر بھی باتیں ہو رہی ہیں اور وزیر دفاع خواجہ آصف نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ اگر سپریم کورٹ نے عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف کو نااہل کیا تو وہ عدالت کے حکم کو ماننے اور اس پر عمل درآمد کرنے سے انکار کر دیں گے، اس طرح کی باتیں ظاہر کرتی ہیں کہ ملک سیاسی بحران سے نکلنے والا نہیں ہے بلکہ مزید سنگین ہونے والا ہے۔ کیوں کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بھی عندیہ دیا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کی مدت ایک سال بڑھانے پر غور کر رہے ہیں اگر ایسا ہوا تو ملک میں ایک نیا سیاسی بحران پیدا ہوگا کیوں کہ پی ٹی آئی کبھی نہیں چاہے گی کہ پارلیمنٹ کی مدت میں اضافہ کیا جائے اور اگر پی ٹی آئی دوبارہ سے سڑکوں پر آئی تو ملک کی معیشت مزید خراب ہوگی اور یہ درست کیسے ہوگی اس کا حل تا حال کسی کے پاس نہیں ہے۔ سیاسی جماعتوں کے درمیان اس اعتماد کے فقدان کے درمیان سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الہی کے گھر پولیس نے دھاوا بولا ہے جو نہایت افسوسناک عمل ہے۔ پرویز الہی دو بار صوبے کے وزیراعلی رہے ہیں پھر سپیکر پنجاب اسمبلی رہے ہیں اس کے علاوہ وہ اپنی جماعت کے صدر بھی ہیں ایسے میں ان کے گھر پر اس طرح دھاوا بولا جانا ایک افسوسناک امر ہے کیوں کہ پرویز الہی کی پنجاب کے لئے بہت خدمات ہیں۔ پنجاب پولیس کا فنڈ چوہدری پرویز الہی نے اپنے دور حکومت میں بڑھایا، ایمرجنسی سروس شروع کی، کئی ہسپتال بنائے، اس کے علاوہ کئی ایسے منصوبے ہیں جو پرویز الہی کے دور میں شروع ہوئے۔ پرویز الہی کے خلاف اگر کسی قسم کے الزامات بھی ہیں تو انہیں مہذب طریقے سے طلب کیا جا سکتا تھا اس طرح ان کے گھر پر پولیس کے دھاوے نے سیاست کو مزید آلودہ کیا ہے۔ کیوں کہ چوہدری خاندان کی وضع داری کے سب معترف ہیں۔ ن لیگ جب مشرف دور میں زیر عتاب تھی تو یہ چوہدری پرویز الہی ہی تھے جنہوں نے مسلم لیگ ن کے رہنما سابق وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف کو مشرف کے عتاب سے بچائے رکھا اور اس کے علاوہ انہیں کسی قسم کی ایذا نہیں دی اور وہ اپنے خاندان کے نمائندہ کے طور پر پاکستان میں موجود رہے اس دوران انہیں کبھی پولیس نے نہ تو گرفتار کیا اور نہ ہی ان کے گھر پر اس طرح دھاوا بولا گیا۔ اگرچہ پنجاب میں اس وقت نگران حکومت موجود ہے لیکن لوگ اس امر کا مورد الزام ن لیگ کو ٹھہرا رہے ہیں حالانکہ پنجاب پولیس وفاق کے ماتحت نہیں اور اس وقت صوبے پر ایک نگران حکومت موجود ہے جو پنجاب میں ہوئے معاملات کی ذمہ دار ہے۔ نگران حکومت کا یہ عمل اس کے کردار پر ایک دھبہ ضرور ہے، اس نگران حکومت کے مختصر سے دور حکومت میں ایسے واقعات حکومت کی نیک نامی نہیں بلکہ بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔ چوہدری پرویز الہی ایک منجھے ہوئے اور رکھ رکھا والے سیاسی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں ان کے گھر پر پولیس حملہ یا پولیس کا انہیں گرفتار کرنے کیلئے بھونڈا انداز اپنانا کسی طور پر بھی ایک احسن انتظامی عمل نہیں ہے جس پر نگران حکومت کو معافی مانگنی چاہیے۔

بزرگ عبدالقادر بخش مری سچے عاشق رسول

محمد شہزاد بھٹی

حال ہی میں مدینہ منورہ میں عمرہ کی ادائیگی کے دوران سوشل میڈیا پر شہرت کی بلندیوں کو چھونے والے بزرگ عبدالقادر بخش مری جن کا تعلق پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے علاقے حب /ساکران سے ہے۔ یہ غریب بزرگ عبدالقادر بخش مری بکریوں کا چرواہا ہے، 15 سال لوگوں کی بکریاں چراتا رہا پیسہ جمع کرتا رہا۔ بس اس کی ایک ہی دھن، ایک ہی لگن تھی کہ میں مدینہ منورہ جا کر روضہ رسول دیکھوں۔ آخرکار، اس نے رمضان المبارک 1444 ہجری میں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے سفر مدینہ منورہ کیا۔ 50 لاکھ سے زائد زائرین اس بار حرم مکی حرم مدینہ میں موجود تھے ان 50 لاکھ زائرین میں بڑے بڑے بادشاہ حاکم امرا علما تاجر گدی نشین اور دنیا کی طاقتور ترین شخصیات شامل تھیں مگر اللہ کریم نے بزرگ عبدالقادر بخش مری کو جو عزت بخشی وہ کسی اور کے نصیب میں نہیں آئی۔ اعلی سعودی حکام بزرگ عبدالقادر بخش مری سے رابطہ میں ہیں، یہ بزرگ اس سال 1444 ہجری میں ہونے والے حج میں سعودی شاہی مہمان کی حیثیت سے حج کی سعادت حاصل کریںگے۔ انشااللہ۔ مجھے بزرگ عبدالقادر بخش مری سے نہ کوئی مسئلہ تھا اور نہ اب ہے اور نہ ہی کوئی ان کی مقبولیت سے خائف ہے۔ مجھے افسوس صرف اس پاکستانی قوم پر ہے۔ سادہ سا بارلیش اور معمر شخص عبدالقادر بخش مری نے صرف اپنے حلیے اور ہیئت سے مسلمانوں کی اتنی بڑی تعداد کو اپنا گرویدہ بنالیا۔ کچھ تو جذبات میں اس قدر بہہ گئے کہ مشابہت صحابہ کرام سے کر دی۔ بعض جوشیلوں نے سیدھا سیدھا حضرت ابوبکر صدیق سے ملا دیا۔ بزرگ عبدالقادر بخش مری کی ایک نوسیکنڈ کی ویڈیو اس قوم میں ایک اجنبی شخص سے اس قدر عقیدت بھر دیتی ہے کہ وہ جوق در جوق اس کی جھونپڑی میں جا پہنچتے ہیں، ہاوسنگ سوسائٹی میں پلاٹ نام کر دیتے ہیں، جاوید آفریدی حج کے مفت پیکج کا اعلان کرتا ہے، پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے علاقے حب /ساکران کی ایک جھونپڑی بوسہ گاہ خلائق بن جاتی ہے ٹی وی اور یوٹیوب چینلز انٹرویو کے لیے ٹوٹ پڑتے ہیں۔ سوچیئے جب دجال کا ظہور ہوگا تو ہم اس کے حلیے اور ہیئت سے متاثر نہ ہوں گے؟ جو دنیا بھر کے شعبدے لے کر مشرق سے نکلے گا، بارش برسائے گا، صحرا گلستان میں بدلے گا، کئی معجزات کھلی آنکھوں سے دکھائے گا، جنت اور جہنم ساتھ لے کر چلے گا، تو کیا ہمارا ایمان متزلزل نہ ہو گا؟ بزرگ عبدالقادر بخش مری کی کوئی کرامت دیکھے بنا صرف اس کے لباس اور چال ڈھال کو دیکھ کر ہم مرمٹے اور اب اس کے قدموں میں بیٹھ کر دم درود کے لیے ٹوٹ پڑے ہیں تو خود فیصلہ کیجیے کہ دجال تو پوری تیاری کے ساتھ آئے گا۔ بزرگ عبدالقادر بخش مری کی وڈیو ایک لٹمس ٹیسٹ تھا کہ یہ قوم کیا سوچتی ہے۔ کتنی شخصیت اور ظاہر پرست ہے۔ ایک بار پھر عرض کر دوں کہ وہ بزرگ سچے عاشق رسول ہیں، بہت معصوم اور سادہ لوح ہیں لیکن سوال بچھڑے کی پوجا کرنے والوں سے ہے بچھڑے سے نہیں۔ آپ نے ایک عام شخص کو محض لباس اور وضع قطع سے صحابی کا درجہ دے ڈالا۔ نعوذ باللہ، دجال تو پھر پوری تیاری اور لوازمات کے ساتھ نمودار ہوگا۔ تب کیا کریں گے؟ یاد رکھیے: بزرگ عبد القادر بخش مری کی ویڈیو ایک لٹمس ٹیسٹ تھا، اکثریت فیل ہوگئی، میں دعا کرتا ہوں اللہ کریم بزرگ عبدالقادر بخش مری کو ایک بار پھر مدینہ بلا لے، ان کی باقی زندگی وہیں گزرے اور یہ جنت البقیع میں دفن ہوں ورنہ یہاں ان کے مزار اور آستانے کی تیاریاں مکمل ہیں۔

گستاخانہ مواد کے سدباب کے لیے میڈیا کا کردار

سید مجتبی رضوان

مسلمانان عالم آزادء اظہار رائے کے قائل ہیں تاہم اس آزادی اور دوسرے فرد کی توہین یا اس فرد کے عقیدہ میں شامل مقدس و محترم شخصیات کی توہین کو الگ الگ کرتے ہیں۔ آزادی اس حد تک تسلیم کی جاسکتی ہے کہ جب تک دوسرے کے جذبات کو مجروح نہ کیا جائے اور ایسا بیانیہ یا انداز کہ جس سے دنیا میں انتشار وافتراق کی کیفیت کو بڑھاوا حاصل ہو، آزادء اظہار کے خلاف ہے، موجودہ حکومت نے اہلیان پاکستان اور اہلیان اسلام کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے جو موقف اختیار کیا ہے وہ قابل تقلید اور لائق تحسین ہے۔ اس حوالے سے وزیراعظم پاکستان کی جانب گستاخانہ خاکوں کا معاملہ او آئی سی، اسلامی وزرا خارجہ، اسلامی سربراہی کانفرنس اور اقوام متحدہ میں اٹھانے کا عزم بلاشبہ قابل تحسین ہے۔ سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اس سلسلے میں قرارداد مذمت کا منظور ہونا پاکستانی سیاسی زعما اور عوام کی دینی حمیت کا منہ بولتا ثبوت ہے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے سوشل میڈیا پر گستاخانہ مواد کے سدباب کیلئے میڈیا اور اس سے وابستہ لوگوں کے فعال کردار پر زور دیتے اس امر کو اجاگر کیا ہے کہ میڈیا کے ذریعے گستاخانہ مواد کی حوصلہ شکنی کے ساتھ ساتھ اس کے سدباب کیلئے متعلقہ قوانین اور حکومتی اقدامات سے متعلق عوامی آگاہی بھی بہت ضروری ہے۔ سوشل میڈیا پر گستاخانہ مواد کی اطلاع فوری طور پر پی ٹی آے، ایف آئی اے یا وزارت مذہبی امور کو کی جائے۔ واضح رہے کہ سنہ 2017 میں اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایک درخواست دائر کی گئی تھی جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ سوشل میڈیا پر پیغمبر اسلام کے بارے میں توہین آمیز مواد شائع کیا جا رہا ہے لہذا ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

اس وقت کے اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس شوکت عزیز صدیقی نے ایف آئی اے کو اس معاملے کی تحقیقات کرنے کا حکم دیا تھا۔ یاد رہے کہ 8 جنوری 2021 کو اسلام آباد میں انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سوشل میڈیا پر پیغمبر اسلام سے متعلق گستاخانہ مواد شائع کرنے کا جرم ثابت ہونے پر تین افراد کو موت جبکہ ایک مجرم کو دس سال قید کی سزا سنا دی تھی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج راجہ جواد عباس نے 2018 میں درج کیے جانے والے مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے تین مجرمان ناصر احمد سلطانی، عبدالوحید اور رانا نعمان کو موت کی سزا جبکہ پروفیسر انوار کو دس برس قید کی سزا دی تھی۔ مجرمان کو توہین مذہب کے قانون 295 سی کے تحت موت کی سزا سنائی گئی ہے انھیں انسداد دہشت گردی کے ایکٹ سات کے تحت پانچ پانچ سال قید اور پچاس ہزار روپے جرمانہ بھی کیا گیا۔ مقدمے کی تفتیش کرنے والے وفاقی تحقیقاتی ادارے یعنی ایف آئی اے کی رپورٹ کے مطابق مجرم ناصر احمد سلطانی کا تعلق پنجاب کے ضلع جھنگ سے ہے اور مجرم نے پیغمبر ہونے کا دعوی بھی کیا تھا اس کے علاوہ دیگر دو مجرمان کا تعلق صوبہ سندھ کے شہر کراچی سے ہے اور انھوں نے سوشل میڈیا پر پیغمبر اسلام کے بارے میں توہین آمیز تبصرے کیے تھے۔ وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی طرف سے دستیاب تفصیلات کے مطابق وزارت نے سوشل میڈیا پر گستاخانہ مواد کی روک تھام کیلئے میڈیا کے اہم کردار کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع رہنما اصول وضع کئے ہیں جس کے مطابق اس وقت وطن عزیز میں تقریبا 10 کروڑ سے زائد لوگ سوشل میڈیا استعمال کر رہے ہیں اور اس پلیٹ فارم پر گستاخانہ و توہین آمیز مواد کی برائی تیزی سے پھیل رہی ہے۔

اس ضمن میں ایک مثال پیش کرتے ہوئے بتایا گیا کہ مواد کے پھیلاؤ کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ چار افراد نے مل کر 2019 میں بلاسفیمی کا ایک گروپ بنایا۔ 2022 میں ایف آئی اے سائبر کرائم نے ان چاروں کو گرفتار کر لیا لیکن جب وہ گرفتار ہوئے تو اس گروپ کے ممبران کی تعداد 32 ہزار سے زائد ہو چکی تھی لہذا اس وبا پر قابو پانا چند افراد کے بس کی بات نہیں اس کے لیے پوری قوم کو کردار ادا کرنا ہوگا، حکومتی اداروں کو جہاں اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی ہیں وہیں میڈیا اور اس سے وابستہ لوگوں کا فعال کردار بھی اس سلسلے میں انتہائی اہم ہے۔ وزارت نے اس ضمن میں متعدد اقدامات تجویز کئے ہیں جو اس برائی کے سدباب میں نہایت کارگر ثابت ہو سکتے ہیں۔ وزارت مذہبی امور و بین المذاہب نے اس امر پر زور دیا کہ میڈیا کے ذریعے جہاں ایسے مواد کی حوصلہ شکنی کرنے کی ضرورت ہے وہیں پاکستان کے متعلقہ قوانین اور حکومتی سطح پر موجود گستاخانہ مواد کے سدباب کے انتظام سے متعلق عوامی آگاہی بھی بہت ضروری ہے۔ تاکہ عوام الناس ایسے کسی بھی مواد کے حوالے سے انتہائی احتیاط سے کام لیں۔ اس امر کو بھی اجاگر کیا گیا کہ میڈیا اس معاملے میں والدین کے لیے بھی خصوصی مہم چلائے کہ موجودہ حالات میں والدین کی ذمہ داری سب سے زیادہ ہے۔ جو والدین اپنے بچوں کو موبائل، لیپ ٹاپ اور انٹرنیٹ کی سہولت مہیا کرتے ہیں، وہ اس بات پر بھی نظر رکھیں کہ ان کے بچے سوشل میڈیا پہ کیا دیکھتے ہیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ بچے نادانی میں کسی غلط رستے پر چل پڑیں، اور فحش ویڈیوز سے ہوتے ہوئے گستاخی تک نہ جا پہنچیں۔ توجہ مبذول کرائی گئی ہے کہ سوشل میڈیا اور پرنٹ میڈیا کے اس دور میں سیرت نبوی کے انسانیت وشرافت ومکارم اخلاق پر مشتمل پیغام کو نہایت موثر اور پر اثر انداز میں پیش کیا جائے، تحریری، تقریری، چھوٹے چھوٹے کلپس وغیرہ کی شکل میں خصوصا اخلاق ومکارم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مختلف زبانوں میں پیش کیا جائے تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پرامن اور قابل احترام شخصیت کے قابل اقتدا پہلو ونمونے اجاگر ہوں، اس طرح اس موقع کو خصوصا سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو عام کرنے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق پروگرامات ٹیلی کاسٹ کیے جائیں تاکہ عبادات واخلاق، معاملات ومعاشرت میں اسوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا کر حقیقی مسلمان کے کردار کو پیش کر کے اس گستاخی کا بخوبی جواب دیا جاسکتا ہے۔ میڈیا پر زور دیا گیا کہ آزادی اظہار رائے کے درست استعمال اور اس کی آڑ میں کسی بھی مذہب کے پیروکاروں کی دل آزاری اور انہیں تکلیف پہنچانے کی سنگینی سے متعلق آگاہی کو عام کیا جائے۔ مذہب، مذہبی مقدسات اور شخصیات کی توہین کو عالمی طور پر ناقابل قبول عمل قرار دینے کے لیے رائے عامہ ہموار کی جائے۔ یقیناً اس طرح مذہبی انتہا پسندی اور تشدد کا راستہ بھی مسدود ہوگا جبکہ عالمی طور پر خصوصا مغرب میں اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکنے کے لیے اسلام کی حقیقی تشریح کے لیے اقدامات کیے جائیں اور اس سلسلے میں علما واسکالرز کی آرا وخیالات سے استفادہ کیا جائے۔

وزارت مذہبی امور کی جانب سے امر کی اہمیت کی طرف بھی توجہ دلائی گئی کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مذہبی شخصیات کے تعاون سے مقدسات اور شخصیات کی توہین اور اس کی نشر واشاعت سے متعلق شعور وآگاہی پیدا کی جائے کہ ایسے جرائم کے مرتکب لوگوں کے لیے ملکی قوانین میں کیسی سخت سزائیں موجود ہیں۔ اسی طرح یہ تعلیم وآگاہی بھی پیدا کی جائے کہ ایسے کسی بھی واقعہ کی صورت میں عوام قانون کو ہاتھ میں لینے کی بجائے قانون کے مطابق کاروائی کو یقینی بنانے کی کوشش کریں۔ فرط جذبات، اشتعال اور کسی بھڑکاوے میں آکر ہرگز قانون اپنے ہاتھ میں نہ لیں۔

وزارت نے عوام کو مشورہ دیا کہ سوشل میڈیا میں کسی بھی جگہ اگر کوئی گستاخانہ مواد نظر آئے تو ہرگز شیئر یا کسی کو فارورڈ نہ کریں بلکہ اسے پی ٹی اے کو، ایف آئی اے یا وزارت مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی کو فوری اطلاع دیں۔ یہ یاد رہے کہ 22 دسمبر 2022 کو اسلام آباد میں گستاخانہ مواد کی سوشل میڈیا پر روک تھام کے لیے آل پارٹیز کانفرنس لیگل کمیشن آن بلاسفیمی پاکستان کے زیر اہتمام منعقد ہوئی تھی جس میں ملک بھر کی دینی، سیاسی، سماجی شخصیات اور تمام مذاہب کے نمائندگان نے شرکت کی تھی۔ لیگل کمیشن آف بلاسفیمی پاکستان کا توہین مذہب روکنے کے لئے تمام جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا خوش آئند تھا 06۔ جنوری 2020 کو قومی اسمبلی اجلاس میں گستاخانہ مواد کی روک تھام کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کی گئی تھی۔ قرارداد میں کہا گیا تھا کہ یہ ایوان اعادہ کرتا ہے کہ پیارے نبی اکرم، تمام انبیائے کرام، صحابہ کرام، امہات المومنین اور اہل بیت رضوان اللہ اجمعین کی حرمت پر سب کچھ قربان ہے۔ قرارداد میں کہا گیا تھا کہ یہ ایوان اعادہ کرتا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے آخری رسول ہیں۔ پیارے نبی اکرم، تمام انبیا کرام، صحابہ کرام، امہات المومنین کے متعلق گستاخانہ مواد پر ایوان پرزور الفاظ میں پاکستان میں انٹرنیشنل اور پرائیویٹ سیکٹر کی جانب سے کسی بھی گستاخانہ مواد کی مذمت کرتا ہے۔ مذکورہ مواد انتہائی گستاخانہ ہیں (جاری ہے)۔

شوبز SHOWBIZ

مہوش حیات کا پرامن معاشرے کیلئے متحد ہونے کا مشورہ

فنکار کو قومیت سے ہٹ کر پرامن مستقبل کیلئے کام کرنا چاہیئے: اداکارہ

کراچی (یواین پی) اداکارہ مہوش حیات کا کہنا ہے کہ آج کے دور میں اداکار یا اداکارہ ہونا کافی نہیں بلکہ شائقین سے ملنے والی عزت اور طاقت کو استعمال کرتے ہوئے اپنے معاشرے، ملک یا دنیا کے مسائل کے حل میں بہتری لانی چاہیئے۔ ان کا ایک انٹرویو میں کہنا تھا کہ فنکار کو قومیت سے ہٹ کر پرامن مستقبل کیلئے کام کرنا چاہیئے۔ یہ بہت ضروری ہے کہ جو مسائل اہم ہیں ان کو اجاگر کریں، ان پر بات ہونی چاہیئے۔ میں سمجھتی ہوں دنیا میں کچھ بھی ناممکن نہیں ہے اور اگر سب متحد ہو کر ایک قوت بن کر ایک ہی سمت میں کام کریں۔

میٹ گالا: 2023 دلچسپ وخوبصورت ملبوسات پر ایک نظر

تقریب کا مقصد میٹروپولیٹن میوزیم آف آرٹس کا سٹیوم انسٹی ٹیوٹ کیلئے فنڈز اکھٹا کرنا ہوتا ہے

لاہور (شوبز نیوز) میٹ گالا کو سال کے چند بڑے فیشن ایونٹس میں سے ایک مانا جاتا ہے جس میں دنیا بھر سے تعلق رکھنے والے معروف فلمی ستارے اور ماڈلز شریک ہوتے ہیں، رواں سال بھی ماڈلز واداکاروں نے شرکت کر کے ایونٹ کو چار چاند لگا دیئے۔ میٹ گالا کا انعقاد ہر سال مئی کے پہلے پیر کو امریکا کے شہر نیویارک کے میٹروپولیٹن میوزیم آف آرٹس کا سٹیوم انسٹی ٹیوٹ میں ہوتا ہے۔ اس تقریب کا مقصد میٹروپولیٹن میوزیم آف آرٹس کا سٹیوم انسٹی ٹیوٹ کیلئے فنڈز اکھٹا کرنا ہوتا ہے، روایتی طور پر اس تقریب کے ساتھ ہی میوزیم میں سال بھر جاری رہنے والے فیشن ایونٹس کا آغاز ہو جاتا ہے، یہ میوزیم دنیا بھر کے فیشن ڈیزائنرز کے کام کو فروغ دینے میں کافی اہم کردار ادا کرتا ہے اور ہر سال میٹ گالا کے ذریعے لاکھوں ڈالرز اکھٹے ہوتے ہیں۔ اس سال میوزیم میں پہلی نمائش آنجہانی جرمن ڈیزائنر کارل اوٹو لاگرفیلڈ کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے) کارل لاگرفیلڈ: اے لائن آف بیوٹی (کے نام سے منعقد کی گئی، میٹ گالا میں شرکت کرنے والی شخصیات نے بھی لاگرفیلڈ کے فیشن سے ملتے جلتے ملبوسات زیب تن کر کے انہیں اپنے طور پر خراج عقیدت پیش کیا۔ میٹ گالا میں دنیا بھر سے تعلق رکھنے والی شوبز اور دیگر معروف شخصیات شرکت کرتی ہیں، ان سب کا فوٹو سیشن ہوتا ہے اور پھر پر موسیقی کے پروگرام کے ساتھ پر تعیش عشائیہ بھی ہوتا ہے۔

لائبہ خان کو کیسے ہمسفر کی تلاش ہے۔۔۔؟

انسٹاگرام پر1.1 ملین فالوورز رکھنے والی اداکارہ سوشل میڈیا پر کافی متحرک نظر آتی ہیں

لاہور (یواین پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ لائبہ خان نے اپنے ہونے والے ہمسفر میں پائی جانے والی خصوصیات سے متعلق بات کی ہے۔ انسٹاگرام پر 1.1 ملین فالوورز رکھنے والی اداکارہ لائبہ خان سوشل میڈیا پر کافی متحرک نظر آتی ہیں، وہ متعدد ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں جن میں 'کیسی تیری خود غرضی'، 'آنگنا'، 'مقدر کا ستارہ' و دیگر شامل ہیں۔ اداکارہ لائبہ خان نے حال ہی میں ایک ٹاک شو میں شرکت کی، اس دوران انہوں نے جہاں اپنی پیشہ ورانہ زندگی سے متعلق مداحوں کو بتایا۔

شاہ رخ خان نے سیلفی لینے کی کوشش کرنے والے فین کو دھکا دے دیا

شاہ رخ خان مقبوضہ کشمیر سے شوٹنگ مکمل کر کے واپس ممبئی پہنچے تھے



ممبئی (یواین پی) بالی ووڈ کے سپر اسٹار شاہ رخ خان نے ایئرپورٹ پر سیلفی لینے کی کوشش کرنے والے فین کو دھکا دے دیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ شاہ رخ خان ایئرپورٹ سے باہر نکلے تو ایک مداح نے ان کے ساتھ سیلفی لینے کی کوشش کی۔ شاہ رخ خان نے سیلفی کی کوشش کرنے والے مداح کو غصے سے پیچھے دھکیل دیا اور گاڑی میں بیٹھ کر روانہ ہو گئے۔ سوشل میڈیا صارفین نے مداح کو دھکا دینے پر شاہ رخ خان کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ ایک صارف کا کہنا تھا کہ شاہ رخ خان سے ایسے رویے کی امید نہیں تھی۔ ایک سوشل میڈیا صارف نے شاہ رخ کے رویے کو شاک قرار دیتے ہوئے کہا۔

میگھن مارکل کی میٹ گالا میں شرکت نہ کرنے کی وجہ سامنے آگئی

لندن (یواین پی) برطانوی شاہی خاندان کی بہو، سابق امریکی اداکارہ میگھن مارکل کی میٹ گالا میں شرکت نہ کرنے کی وجہ سامنے آگئی۔ ڈچز آف سسیکس نے رواں سال اپنے شوہر شہزادہ ہیری کے ساتھ میٹ گالا میں شرکت کرنے سے گریز اس لیے کیا کیونکہ وہ شاہ چارلس کی تاجپوشی کی تقریب سے قبل میڈیا کی غیر ضروری توجہ نہیں حاصل کرنا چاہتیں۔ اس حوالے سے رابطہ عامہ کے ایک ماہر روشیل وائٹ کا کہنا ہے کہ اس ہفتے کے آخر میں شاہ چارلس کی تاجپوشی کی تقریب۔

تعلیم یافتہ لڑکے لڑکیوں کا شوبز میں آنا خوش آئند: ثمینہ پیرزادہ

پڑھے لکھے لڑکے اور لڑکیوں کا شوبز انڈسٹری میں آنا خوش آئند ہے، ادکارہ

لاہور (یواین پی) سینئر اداکارہ ثمینہ پیرزادہ نے کہا ہے کہ پڑھے لکھے لڑکے اور لڑکیوں کا شوبز انڈسٹری میں آنا خوش آئند ہے، اگر ہمیں کامیابی کیلئے ماضی سے کچھ اچھا ملتا ہے تو اسے اپنانا چاہیے، ایک وقت وہ بھی تھا جب شام کے وقت پی ٹی وی ڈرامہ لگتا تھا تو گلیاں سنسان ہو جایا کرتی تھیں۔ ایک انٹرویو میں ثمینہ پیرزادہ نے کہا کہ نئے آنے والے فنکار اچھا کام کر رہے ہیں اور بظاہر ڈرامہ انڈسٹری درست سمت میں گامزن ہے تاہم ہمیں اپنے سکرپٹس کا رخ تبدیل کرنے اور کہانی کو اپنے معاشرے کے مسائل کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت ہے۔

ہانیہ عامر نے اپنی بغیر میک اپ کے تصویر شیئر کردی

26 سالہ ہانیہ عامر کی پوسٹ کو ان کے مداحوں نے خوب پسند کیا

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کی مشہور اداکارہ ہانیہ عامر نے اپنی بنا میک اپ تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کردی۔ ہمیشہ کی طرح اس مرتبہ بھی 26 سالہ ہانیہ عامر کی پوسٹ کو ان کے مداحوں نے خوب پسند کیا۔ اداکارہ نے اپنی تصویر کے ساتھ لکھا کہ صبح کی دھوپ، جسے ساڑھے 6 لاکھ سے زائد لوگوں نے پسند کیا۔ اس سے قبل اداکارہ نے اپنی عید کی تصاویر بھی سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کی تھیں جنہیں مداحوں نے خوب پسند کیا تھا۔ پاکستان کی مشہور اداکارہ ہانیہ عامر نے اپنی بنا میک اپ تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کردی۔ ہمیشہ کی طرح اس مرتبہ بھی 26 سالہ ہانیہ عامر کی پوسٹ کو ان کے مداحوں نے خوب پسند کیا۔ اداکارہ نے اپنی تصویر کے ساتھ لکھا کہ صبح کی دھوپ، جسے ساڑھے 6 لاکھ سے زائد لوگوں نے پسند کیا۔

SPORTS سپورٹس

گمبھیر، کوہلی لڑائی؛ گواسکر کا دونوں کرکٹرز کو معطل کرنے کا مطالبہ

واقعات دوبارہ رونما نہ ہوں تو کھلاڑیوں پر سخت پابندیاں عائد کرنی پڑیں گی

ممبئی (یواین پی) سابق بھارتی کرکٹر اور کمنٹیٹر سنیل گواسکر کا کہنا ہے کہ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں لکھنؤ سپر جائنٹس کے گوتم گمبھیر اور رائل چیلنجر بنگلور کے کھلاڑی ویرات کوہلی پر میچز کی پابندی عائد کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سابق کرکٹر سنیل گواسکر نے کہا کہ لکھنؤ اور رائل چیلنجر کے درمیان میچ میں دو تجربہ کار کھلاڑیوں نے جس طرح سے اقدام اٹھایا اس پر شرمندگی محسوس ہوئی، مجھے نہیں معلوم غلطی کس کی تھی لیکن 100 فیصد جرمانے سے بڑھ کر سزا سنائی جانی چاہیے تھی۔ انہوں نے بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) سے مطالبہ کیا کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ کھیل میں ایسے واقعات دوبارہ رونما نہ ہوں تو کھلاڑیوں کو معطل کر دینا چاہیے تھا۔ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں پر پابندی ہوگی تو انہیں نقصان پہنچے گا اور اندازہ ہوگا۔ سنیل گواسکر نے ہربھجن سنگھ اور سری سانتھ کے واقعہ کو دوہراتے ہوئے کہا کہ سابق کرکٹر کو آئی پی ایل کے پورے سیزن سے باہر کر دیا تھا جس کے بعد ایسا ناخوشگوار واقعہ 10 سالوں تک نہیں ہوا۔ ہمیں سخت ایکشن لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) سے مطالبہ کیا کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ کھیل میں ایسے واقعات دوبارہ رونما نہ ہوں تو کھلاڑیوں کو معطل کر دینا چاہیے تھا۔ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں پر پابندی ہوگی تو انہیں نقصان پہنچے گا اور اندازہ ہوگا۔

ارب پتی آئی پی ایل معاوضے دینے میں کنجوس نکلی

فیکا نے بھارت سے کھلاڑیوں کو آمدنی میں مناسب حصہ دینے کا مطالبہ کر دیا

کراچی (یواین پی) ارب پتی آئی پی ایل معاوضے دینے میں کنجوس نکلی جب کہ دنیا کی بڑی اسپورٹس لیگ کا ہم پلہ سمجھنے والے حکام کرکٹرز کو آمدنی سے مناسب حصہ نہیں دیتے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ حکام اور وہاں کے سابق کرکٹرز وغیرہ آئی پی ایل کا موازنہ دنیا کی بڑی اسپورٹس لیگ سے کرتے ہیں، حال ہی میں سابق چیئرمین للت مودی نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ عنقریب یہ دنیا کی تمام بڑی اسپورٹس لیگز کو پیچھے چھوڑ دے گی، مگر دوسری جانب پلیئرز کو معاوضوں کی ادائیگی میں انتہائی کنجوسی برتی جارہی ہے، اس معاملے میں بھارتی لیگ سب سے آخر میں موجود ہے۔ میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا کہ انگلش پریمیئر لیگ فٹبال کی کمائی کا 71 فیصد معاوضوں کی صورت میں پلیئرز کو ادا کیا جاتا ہے، آئی پی ایل میں کھلاڑیوں کو ٹیم کی آمدنی میں سے صرف18 فیصد حصہ ملتا ہے۔

گیرو ڈی اٹالیہ سائیکل ریس کا106 واں ایڈیشن 6 مئی سے اٹلی میں شروع ہوگا

روم (یواین پی) انٹرنیشنل سائیکلنگ یونین (یو سی آئی) کے زیر اہتمام گیرو ڈی اٹالیہ سائیکل ریس کا106 واں ایڈیشن 6 مئی سے اٹلی میں شروع ہوگا۔ گیرو ڈی اٹالیہ ایک گرینڈ ٹور سائیکلنگ سٹیج ریس ہے جو تین ہفتوں میں مکمل ہوگی۔ ایونٹ کا 106 واں ایڈیشن رواں ماہ 6 سے شروع ہو کر 28 مئی کو اختتام پذیر ہوگا۔ ریس میں 3 انفرادی ٹائم ٹرائل مراحل ہوں گے اور اس کے علاوہ 200 کلومیٹر سے زیادہ طویل 6 مراحل ہوں گے۔ ریس کی میزبانی اٹلی میں ہی ہوگی۔

آرینا سبلینکا اور ماریا سکاری میڈرڈ اوپن ٹینس ویمنز سنگلز سیمی فائنل میں پہنچ گئیں

میڈرڈ (یواین پی) بیلاروس کی ٹینس سٹار اور ایونٹ کی سیکنڈ سیڈڈ آرینا سبلینکا اور یونانی ٹینس کھلاڑی ماریا سکاری میڈرڈ اوپن ٹینس ویمنز سنگلز سیمی فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ آرینا سبلینکا نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں مصری حریف کھلاڑی مایار شریف اور ماریا سکاری نے رومانین حریف کھلاڑی ارینا کیملیا بیگو کو شکست دی۔ ڈبلیو ٹی اے کے زیر اہتمام میڈرڈ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے۔ 24 سالہ بیلاروسی ٹینس کھلاڑی۔

رمضان کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 9 مئی کو کھیلا جائے گا

فائنل کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے

اسلام آباد (یواین پی) حدف ہاکی کلب اسلام آباد کے زیر اہتمام رمضان کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 9 مئی کو نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ گزشتہ روز حدف ہاکی کلب اسلام آباد کے صدر سید سلیم رضا نے بتایا کہ ٹورنامنٹ میں اسلام آباد اور راولپنڈی کی دس ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں اور ٹورنامنٹ ناک آؤٹ سسٹم پر کھیلا جا رہا ہے۔ فائنل کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔ حدف ہاکی کلب اسلام آباد کے زیر اہتمام رمضان کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 9 مئی کو نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ گزشتہ روز حدف ہاکی کلب اسلام آباد کے صدر سید سلیم رضا نے بتایا کہ ٹورنامنٹ میں اسلام آباد اور راولپنڈی کی دس ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں اور ٹورنامنٹ ناک آؤٹ سسٹم پر کھیلا جا رہا ہے۔ فائنل کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

ثنا میر نے بابر کے مداحوں کی تنقید کے بعد اپنے بیان پر وضاحت پیش کردی

ثنا میر نے اپنے تجزیے میں کسی کا نام نہیں لیا تاہم بابر اعظم کے فینز سیخ پا ہو گئے

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی سابق کپتان ثنا میر نے خود پر تنقید کیے جانے کے بعد اپنے بیان پر وضاحت پیش کر دی۔ پنڈی میں دوسرے ون ڈے میچ میں فخر زمان نے شاندار سنچری سکور کی جس کی بدولت پاکستان کو 7 وکٹوں سے کامیابی حاصل ہوئی، فخر کی اس کارکردگی پر تجزیہ کرتے ہوئے ثنا میر نے کہا کہ فخر زمان ہمیشہ ٹیم کیلئے رنز کرتے ہیں۔ ثنا میر کی یہ ویڈیو وائرل ہوئی جس میں وہ کہہ رہی ہیں کہ ہم آف ایئر بھی یہ بات کر رہے تھے کہ فخر زمان ہمیشہ ٹیم کیلئے رنز کرتے ہیں، اگر وہ سنچری سکور کرتے ہیں تو ان کا سٹرائیک ریٹ 100 نہیں بلکہ 125 کا ہوتا ہے جو 350 کے قریب کا ہدف حاصل کرنے میں کافی اہم ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہی وجہ ہے کہ وہ) فخر (اس ٹیم کیلئے کافی اہمیت رکھتے ہیں۔

پی ایس جی نے میسی کو سعودی عرب کا دورہ کرنے پر معطل کر دیا

میسی نے پی ایس جی کی جانب سے کھیلتے ہوئے 71 میچز میں 31 گول کیے ہیں

لندن (سپورٹس نیوز) دنیائے فٹبال کے معروف کھلاڑی اور ارجنٹائن ٹیم کے کپتان لیونل میسی کو فرانسیسی فٹبال کلب پیرس سینٹ جرمین (پی ایس جی) نے اجازت کے بغیر سعودی عرب کا دورہ کرنے پر دو ہفتوں کے لیے معطل کر دیا۔ گزشتہ برس ارجنٹائن کو فٹبال ورلڈ کپ جتوانے والے سٹار فٹبالر میسی چھٹیاں منانے کے لئے فیملی کے ہمراہ سعودی عرب میں موجود ہیں۔ کلب کے مطابق دو ہفتے کی معطلی کے دوران میسی نہ ہی کلب کے کھلاڑیوں کے ساتھ پریکٹس کر سکتے ہیں اور نہ ہی انہیں کسی میچ میں شرکت کی اجازت ہوگی۔ میسی نے پی ایس جی کی جانب سے کھیلتے ہوئے 71 میچز میں 31 گول کیے ہیں اور ان کا کلب کیساتھ معاہدہ رواں سال ختم ہوگا۔ کلب کی جانب سے میسی پر سعودی عرب میں سیاحت کے سفیر کے طور پر ذمہ داری نبھانے پر بھی جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ عالمی شہرت یافتہ فٹبالر سعودی وزارت سیاحت کے پروموشنل برانڈ وزٹ سعودی کے سفیر ہیں۔

پبلک نوٹس

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی طرف سے اسلام آباد کے شہریوں سے گزارش ہے کہ مردم شماری 2023 اپنے آخری مراحل میں داخل ہوچکی ہے اگر کسی بھی علاقے میں مردم شماری کی ٹیم نے دورہ نہیں کیا تو برائے مہربانی ہمیں اپنی تفصیلات / پتہ فراہم کریں تاکہ مردم شماری کی ٹیمز کو وہاں بھیجا جاسکے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
04 مئی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 04 مئی 2023ء صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل فضل احمد شہید، چوآہ خالصہ، شمشکن، اڈیالہ جیل، شاہ پور، خصالہ، جہان، چونترہ، راجڑ، چکری، ایس ڈی ایس، ایس پی ایف، آرمی فلیٹس، آرائے بازار، آئی ایس ٹی، نیو روات فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل سرکل، کیانی روڈ، گنج بھاٹہ فیڈرز، چکوال سرکل، بشارت فیڈر، جہلم سرکل، سی ایم ایچ جہلم، کینٹ، ٹھگوکی، چوٹالہ، ڈومیلی، بھگوال، ٹھاکرہ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

جواب دیا کہ درخواست دائر ہوگئی ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ عدالتی وقت تک درخواست گزار عمران خان پیش نہ ہوئے تو عبوری ضمانت خارج کر دیں گے، عدالتوں کا مذاق بنا کر رکھا ہوا ہے، ہائیکورٹ کو سول کورٹ سمجھ رکھا ہے؟ عدالتوں کو مذاق بنا کر رکھ دیا ہے، یا ہم نیچے آگئے ہیں یا وہ اوپر آگئے ہیں۔ بعدازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف وسابق وزیراعظم عمران خان کی عدالتی اوقات میں پیشی تک سماعت میں وقفہ کردیا۔

بقیہ 2

عدالت کر رہے ہیں، عدلیہ نے جسٹس منیر کی بجائے جسٹس کارنیلیس بننے کو ترجیح دی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ پاکستان کی تاریخ میں اس سے پہلے اتنی بڑی تعداد میں لوگ گرفتار نہیں ہوئے جتنے اس فاشسٹ حکومت نے پچھلے 11 ماہ میں کیے، اسلام آباد کی 61 سالہ تاریخ میں انتظام آج تک اسلام آباد کے رہائشیوں پر نہیں ہوا جو اس امپورٹڈ حکومت نے کیا۔ معروف ماہر قانون کا کہنا تھا کہ کوئی عہدہ ایسا نہیں بچا جس پر حملہ نہ ہوا ہو اور اس کی میں نے دفاع نہ کیا ہو، نامعلوم افراد نے لاتعداد لوگوں کے گھروں پر چھاپے مارے، جو لوگ جیل گئے اور اس ظلم کا سامنا کیا ان کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ڈاکٹر بابر اعوان کا کہنا تھا کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کے لیے جو جذبہ دیکھا ہے ویسا کبھی نہیں دیکھا، عمران فیکٹر کے لیے ایسے بچے بچیاں مجھے ملتے ہیں جو کہتے ہیں ہم عمران خان کے لیے جان دینے کے لیے تیار ہیں، عمران خان کا دور قریب ہے، تبدیلی آ نہیں رہی تبدیلی آ گئی ہے، پاکستان تحریک انصاف کا راستہ کوئی نہیں روک سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نگران وزرائے اعلیٰ اور گورنرز کے خلاف ہائی ٹریزن کے تحت مقدمات چلانے چاہئیں۔

بقیہ 3

اپنے پیغام میں سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ کل پارلیمنٹ میں انتشار، خلفشار اور عدلیہ کے خلاف بھونچال تھا، عدلیہ کے بارے میں بازاری زبان استعمال کی گئی، عدلیہ سے لڑنا (ن) لیگ کا وطیرہ رہا ہے، اس بار اگر جمہوریت کا جنازہ نکلا تو پی ڈی ایم اس سازش کی ذمہ دار ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ کب تک صبر سے کام چلائے گی، عدلیہ کی بے حرمتی سپریم کورٹ کے دروازے تک پہنچ گئی ہے، جو ججوں سے حساب مانگ رہے ہیں وہ انتخاب خاک کروائیں گے، قوم بلی چڑھ جائے چور بلی نہیں چڑھنے چاہئیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ متروکہ وقف املاک بورڈ کے چیئرمین نے لال حویلی پر غیر قانونی فیصلے کا دبا لینے کے بجائے استعفیٰ دینے کو ترجیح دی، 75 سالہ مہنگائی، بیروزگاری کے تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے، خاقان عباسی کہتے ہیں آٹے میں 20 ارب سے بھی زیادہ غبن ہوا ہے، اسحاق ڈار کے ہوتے ہوئے آئی ایم ایف سے جھنڈی ہے تو بجٹ کیا خاک بنانا ہے۔ سابق وزیر داخلہ کا مزید کہنا تھا کہ یہ ججوں کے گرد گھیرا تنگ کر رہے ہیں، پارلیمنٹ ہر روز آئین کو پامال اور عدلیہ کی تذلیل کر رہی ہے، عدلیہ دیوار چین ثابت ہوگی، عدلیہ سے ٹکرانے والے رسوا ہوں گے۔

بقیہ 4

آڈٹ کا فیصلہ کیا گیا ہے اس حوالے سے رجسٹرار سپریم کورٹ کو 16 مئی کو اجلاس میں طلب کیا گیا ہے۔ نور عالم خان نے آڈیٹر جنرل کو صدر، وزیراعظم، چیف جسٹس، وفاقی وزرا، ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہوں اور مراعات کا تقابلی جائزہ پیش کرنے کی ہدایت کردی۔ نور عالم خان کا کہنا تھا کہ اگر کل رجسٹرار سپریم کورٹ نہ آئے تو وارنٹ جاری کروں گا، جس پر کمیٹی کے رکن ڈاکٹر ملک مختار نے کہا کہ اس پر تو استعفے ہو جائے گا، چیئرمین پی اے سی نے کہا کہ اگر استعفے آیا تو میں دوبارہ طلب کروں گا۔

بقیہ 5

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی کی ملاقات میں صوبے میں مجموعی امن و امان کی صورتحال اور دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب نے حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری پر وزیراعظم کو بریف کیا۔

بقیہ 6

بھی جاری کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کی فی کلو قیمت میں 4 روپے 89 پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے اور فی کلو ایل پی جی کی نئی سرکاری قیمت 233 روپے 88 پیسے مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ مئی کیلئے ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 57 روپے 70 پیسے مہنگا کیا گیا ہے، جس کے بعد 11 اعشاریہ 8 کلوگرام گھریلو سلنڈر کی نئی قیمت 2759 روپے 89 پیسے مقرر کی گئی ہے

بقیہ 7

طرف مذاکرات اور دوسری جانب گھروں پر حملے ہو رہے ہیں، ان سب کے باوجود ہم نے مذاکرات جاری رکھے، ہم نے نیک نیتی سے معاملے کو آگے بڑھانے کی کوشش کی۔ اسحاق ڈار نے خود تسلیم کیا پی ٹی آئی نے لچک دکھائی، ملک بھر میں ایک ہی دن انتخابات ہونا ہماری نہیں حکومت کی خواہش تھی، ہم چاہتے ہیں سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ مذاکرات کی جتنی نشستیں ہوئیں خلاصہ سپریم کورٹ میں پیش کریں گے، مذاکرات کو تاخیری حربے کے طور پر استعمال نہ کیا جائے۔ شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ خواجہ آصف کس کی بولی بول رہے ہیں؟ قوم آئین کا دفاع کرے گی اور سپریم کورٹ کے ساتھ کھڑی ہوگی، حکومت کو آئین کو پاؤں تلے روندنا مناسب نہیں ہے۔ دوسری جانب صدر پی ٹی آئی چوہدری پرویز الٰہی کا کہنا ہے کہ ایک طرف مذاکرات اور دوسری جانب چھاپے مار رہے ہیں، قوم کو پتہ چل جائے گا نواز شریف اور شہباز شریف کتنے بڑے منافق ہیں۔ حکومتی ایوانوں کا زمینی حقائق سے کوئی تعلق نہیں رہا، ہماری قیادت کو بخوبی علم ہے کہ حکومت کیا کر رہی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ آنے کے بعد سب کچھ کلیئر ہو جائے گا، پارلیمنٹ میں خواجہ آصف نے جو کہا وہ صحیح ن لیگ کی خدمت کر رہے ہیں، وزیر دفاع نے نواز شریف اور شہباز شریف کا اصل چہرہ سب کو دکھا دیا۔ جبکہ پرویز الٰہی گجرات کی اینٹی کرپشن عدالت میں پیش ہوئے، عدالت نے پرویز الٰہی کی 23 مئی تک عبوری ضمانت منظور کرلی۔

بقیہ 8

باندھ لیا، پھر بالٹی چڑھالی، ریلی نکالی تو بالکل ٹھیک تھا، عدالتوں میں ٹرائل شروع ہیں، 10 دن آرام کا مشورہ اصل میں مقدمات سے بچنے کا مشورہ ہے، الیکشن کی رٹ بھی مقدمات سے بچنے کیلئے تھی، پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں بھی مقدمات سے بچنے کیلئے توڑی گئیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ عدالت سے شامل تفتیش ہونے کا حکم آتے ہی عمران نیازی کو بیماری کا دورہ پڑ گیا، عمران نیازی کو توشہ خانہ، ٹیریان کے ابو، فارن فنڈنگ سمیت دیگر چوریوں کے مقدمات میں جواب دینا ہے، کوڑے والی بالٹی سے بھی کام نہیں چلا تو مکمل آرام کا بہانہ چلا لیا تاکہ عدالت نہ جانا پڑے، جواب نہ دینا پڑے۔

بقیہ 9

کے محافظوں کو نظر نہیں آتے ان کی آنکھیں چمک سے بند ہیں، سی ٹی او لاہور رائیونڈ کا وزٹ کریں، اہل علاقہ کا کہنا ہے، بھٹی چوک میں شتر بے مہار موٹر سائیکل رکشہ والوں کا قبضہ وارڈنز کی چاندی مانگا روڈ، سندر روڈ کی سڑکوں پر دکانداروں کا قبضہ ٹریفک جام پیدل چلنا مشکل، اقبال ٹاؤن افسران نے ناجائز تجاوزات کے خاتمہ کو ذریعہ آمدن بنا لیا ہے، ریلوے پھاٹک سے ریلوے روڈ پر غیر قانونی ویگن اسٹینڈ، کار سٹینڈ، رکشہ سٹینڈ وارڈنز کو منہ چڑاتے ہیں پولیس کے لیئے سوالیہ نشان کوٹ راہا کشن چوک مرکز روڈ گلڑی بسوں کا قبضہ شہریوں کو خواتین کے ساتھ اور کسی مریض کو ہسپتال تک پہنچانا انتہائی مشکل اکثر اوقات تو مریض راستہ میں ہی دم توڑ جاتا جبکہ سی ٹی او لاہور مستنصر فیروز کا کہنا ہے کہ غیر قانونی اڈوں، ویگن اسٹینڈز کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی، ٹریفک بہاؤ میں خلل بننے والی رکاوٹوں کو آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، اوور لوڈنگ، اوور چارجنگ کی شکایت پر فوری کارروائی ہوگی، سی ٹی او لاہور کا مزید کہنا تھا کہ بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ اور غیر قانونی سٹاپ بنانے والوں کیخلاف بھی کارروائی ہوگی، علاوہ ازیں شہر میں روڈ سائیڈ پر پارکنگ، ناجائز اڈے قائم کرنے کی بھی ہرگز اجازت نہیں، عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ رائیونڈ بین الاقوامی لاہور کا شہر ہے یہاں، جنگل کا قانون کیوں، غیر قانونی منی پٹرول پمپس پر 300 روپے سے زائد فی لٹر پٹرول کی فروخت، چھوٹی دکانوں میں لگائی گئی پٹرول مشینوں سے ہزاروں روپے یومیہ کمانے والے افراد عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں کم پیمانے اور غیر معیاری پٹرول فروخت کی شکایات عام ہونے کے باوجود ضلعی انتظامیہ سول ڈیفنس سمیت دیگر ادارے خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہا ہے شہر کے پوش علاقوں میں لگائی گئی پٹرول مشینوں کی وجہ سے آتشزدگی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے 30 سے 50 روپے فی لٹر اضافی وصولی کی جارہی ہے جو کہ عوام کیساتھ سراسر زیادتی ہے، عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کمشنر لاہور، ڈپٹی کمشنر لاہور اور تحصیل رائے ونڈ میں قائم درجنوں پٹرول مشینوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے عوام کو اس مصیبت سے نجات دلائیں

بقیہ 10

علاقہ مجسٹریٹ اسلام آباد نے 12 ملزمان کی 50 ہزار مچلکہ کے عوض ضمانت منظور کر کے ملزمان کی رہائی کا حکم دیدیا جبکہ ملزمان کی جانب سے اسلام آباد کے نامور قانوندان راجہ نبیل احمد ستی نے دلائل دیئے جس سے اتفاق کرتے ہوئے عدالت نے ملزمان کی رہائی کا حکم دیا۔ واقعات کے مطابق تھانہ کوہسار میں ایک ہی خاندان کے مرد خواتین اور بچوں پر دوران خریداری سٹال لڈرز کی جانب سے تشدد کرنے اور ان پر آئینی راڈ سے حملہ کرنے کے جرم کی پاداش میں معزز عدالت نے 12 ملزمان عدنان عباسی، نبیل، حسنات عقیل، حسن، محمد زاہد، ایاز محمود، نعیم ریاض، عثمان عباسی، محمد بلال کی درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے ملزمان کی رہائی کا حکم دیدیا ہے۔ تھانہ کوہسار میں درج مقدمہ نمبر 316/23 بجرم 506ii، 354,142,148,109 درج کیا تھا جس میں مدعی مقدمہ شمعون ہاشمی ایڈیشنل سیکرٹری قومی اسمبلی نے موقف اختیار کیا کہ میں اپنی فیملی کیساتھ خریداری کی غرض سے گول مارکیٹ گیا جہاں پر کھانے کے سٹال پر پہنچے تو سٹال ہولڈرز نے میرے سمیت میری فیملی کی خواتین کو بھی آہنی راڈوں، شیشے کی بوتلوں سے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا تاہم ملزمان کو حراست میں لیکر جوڈیشل کردیا گیا جس پر ملزمان کی جانب سے اسلام آباد کے نامور قانوندان راجہ نبیل احمد ستی عدالت میں پیش ہوئے جنہوں نے عدالت میں اپنے دلائل دیئے جس سے اتفاق کرتے ہوئے عدالت نے ملزمان کو 50,50 ہزار کے مچلکوں کے عوض رہائی کا حکم جاری کردیا ہے

بقیہ 11

نے 15 جولائی کو اسمبلیوں کی تحلیل کی تجویز دی۔ فریقین نے تاریخوں اور اسمبلیوں کی تحلیل پر قائدین سے مشاورت کے لیے وقت مانگا۔ حکومتی اتحاد نے معاشی صورتحال نگران سیٹ اپ پر نہ ڈالنے کی تجویز دی۔ اجلاس میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق ہوا۔ مزید مذاکرات سپریم کورٹ میں رپورٹ جمع کرانے کے بعد ہوسکتے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی حکومت نے 14 مئی سے پہلے اسمبلیاں تحلیل کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا بجٹ سے پہلے اسمبلیاں تحلیل نہیں کر سکتے۔ پی ٹی آئی نے بجٹ پیش کرنے کی شرط پر نیم رضامندی ظاہر کردی۔ اجلاس میں اسمبلیاں توڑنے کی تاریخ پر اتفاق نہ ہونے پر مذاکرات میں تعطل آیا۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد دوبارہ مذاکرات ہوسکیں گے۔ پی ٹی آئی نے ن لیگ کے اپنی صفوں میں اتحاد لانے کی بات کی۔ پی ٹی آئی کا موقف تھا کہ ن لیگ کے کئی وزراء کے رویوں کی وجہ سے بداعتمادی پیدا ہوسکتی ہے۔ حکومتی کمیٹی نے وفاقی وزراء کے منفی بیانات کو غیر ضروری قرار دیا۔ دوسری جانب قبل ازیں فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ مریم نواز اور ن لیگ کی مہم نیب ترامیم کی سماعت کرنے والے بینچ کی تحلیل کیلئے ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل نہ ہوا تو ملک کے مستقبل کا فیصلہ سڑکوں پر ہوگا، ن لیگ کی اندرونی سیاست مذاکرات کو نقصان پہنچا رہی ہے

بقیہ 12

14 مئی تک اسمبلی توڑنے کا مطالبہ مان لیں، نہ ہم مانیں گے اور نہ ہی پی ڈی ایم کی کوئی جماعت مانے گی۔ خواجہ آصف نے کہا کہ قانون بننے سے پہلے عدالت عملدرآمد روک دیتی ہے اور پھر ہمیں کہتی ہے کہ ہم عدالت میں مداخلت کر رہے ہیں، جب تک سہولتکاری کے ذریعے سیاست میں مداخلت ختم نہیں ہوگی، معاملات ٹھیک نہیں ہوں گے

بقیہ 13

چار سالہ دور میں ایسی پراسرار سنسر شپ جاری تھی جس نے صحافیوں کو خوفزدہ کیا، اس وقت کے وزیراعظم کو عالمی ادارے نے "پریس فریڈم پریڈیٹر" کا شرمناک خطاب دیا، عمران خان نے نہ صرف صحافیوں کی آواز بند کی بلکہ ان کے قلم توڑے، انہیں اغوا کیا، گولیاں ماریں۔ بدھ کو آزادی صحافت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات نے کہا کہ آج پاکستان سمیت دنیا بھر میں آزادی صحافت کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کی قیادت میں اتحادی حکومت پریس کی آزادی پر کامل یقین رکھتی ہے۔ پاکستان کا آئین آزادی صحافت اور شہریوں کی درست معلومات تک رسائی کے حق کی ضمانت دیتا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے آزادی صحافت کے عالمی دن کے موقع پر ان صحافیوں کو خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے سچ کی تلاش میں اپنی جانیں گنوادیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان میں 2018 سے 2022 تک صحافت ایک کٹھن دور سے گزری، پی ٹی آئی کے چار سالوں میں ملک میں ایک ایسی "پراسرار سنسرشپ" جاری تھی جس نے صحافیوں کو خوفزدہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2017ء میں ورلڈ پریس فریڈم انڈیکس میں پاکستان 139 ویں نمبر پر تھا، پی ٹی آئی کی میڈیا دشمن پالیسیوں کے باعث پاکستان کی درجہ بندی میں 12 پوائنٹ کی مزید کمی ہوئی۔ اس وقت وزارت عظمیٰ کی کرسی پر بیٹھے شخص کو پریس فریڈم پریڈیٹر کا شرمناک خطاب دیا گیا، عمران خان نے اپنے چار سالہ دور میں نہ صرف صحافیوں کی آواز بند کی بلکہ ان کے قلم توڑے، انہیں اغوا کیا، صحافیوں کے پیٹ میں گولیاں ماریں، پی ٹی آئی کا چار سالہ دور صحافیوں کے لئے خطرناک دور تھا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے صحافت پر قدغنیں لگائیں، اس طرح قدغنیں لگانے سے دو چار دن تو اپنا موقف دیا جاسکتا ہے مگر بالآخر سچائی ماننا پڑتی ہے، سابقہ حکومت نے ریاست کی طرف سے صحافیوں کی زبان بندی کے لئے دباؤ بڑھایا۔ انہوں نے اپنی غلطیوں پر نظر ثانی کرنے کی بجائے اپنی ناکامیوں کا غصہ صحافیوں اور صحافتی اداروں پر نکالا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ آج ملک میں صحافت مکمل طور پر آزاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے کو طاقتور بناتے ہیں، کہاوت ہے کہ معلومات میں طاقت ہے اور صحافی آپ کو وہ طاقت دیتا ہے۔ حکومت صحافیوں کے تحفظ کے لئے عملی اقدامات اٹھاتی رہے گی

بقیہ 14

ملزم سید طاہر نقوی کی عبوری ضمانتوں میں آئندہ سماعت تک توسیع کردی ہے۔ احتساب عدالت کے جج قمر الزماں نے منی لانڈرنگ کے الزام میں نیب کے ریفرنس پر بدھ کو سماعت کی جس میں حمزہ شہباز عدالت میں پیش نہیں ہوئے، ان کی جانب سے ایک سماعت کیلئے پیشی سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی گئی۔ عدالت نے حمزہ شہباز کی ایک پیشی کیلئے حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی۔ نیب کے تفتیشی افسر نے سپلیمنٹری رپورٹ پیش کرنے کیلئے مہلت دینے کی استدعا کی جسے عدالت نے منظور کرلی۔ اسی عدالت نے منی لانڈرنگ کے الزام میں ہارون یوسف اوران کیساتھ شریک ملزم طاہر نقوی کی عبوری ضمانت میں بھی آئندہ سماعت تک توسیع کر دی۔ دونوں ملزمان اپنی عبوری ضمانت کی معیاد ختم ہونے پر پیش ہوئے اور اپنی حاضری لگائی۔ عدالت نے مزید کارروائی 10 جون تک ملتوی کردی۔

بقیہ 15

آگاہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے بدھ کو آزادی صحافت کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ صحافی ہمارے معاشرے کا پڑھا لکھا اور باشعور طبقہ ہیں جو معاشرے کی صحیح سمت میں رہنمائی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے میں قانون، عدل وانصاف اور مساوات کے پرچار میں انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں لیکن بدقسمتی سے ہمارے صوبے میں ذرائع ابلاغ سے وابستہ نمائندوں کو مشکلات اور مسائل کا سامنا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے متعدد صحافیوں نیاپنے فرائض کی ادائیگی میں اپنی جانوں کے نذرانے بھی پیش کئے ہیں اور آج کے دن تمام شہید صحافیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صحافی برادری کے مسائل کا ادراک رکھتی ہے اور صحافیوں کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات شروع کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرنلسٹ ویلفیئر فنڈ کی رقم میں خاطر خواہ اضافہ کیا گیا ہے، حکومت صحافیوں کو رہائشی کالونی کی الاٹمنٹ کے لیے عملی اقدام کیے ہیں۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ صحافی ملک اور معاشرے کی ترقی و خوشحالی کے لئے اپنا موثر کردار ادا کرتے رہیں گے تاکہ ہم خوشحالی وترقی کی جانب گامزن ہوسکیں

بقیہ 16

، ٹریلرز اور مزدے بھی تحویل میں لے کر گندم خریداری مراکز منتقل کردیے گئے۔ ان کارروائیوں میں مجموعی طور پر 15600 بوریاں نوشہرہ ورکاں، تحصیل صدر کے مختلف علاقوں سے 21300، گوجرانوالہ سٹی سے 3 ہزار سے زائد بوریاں، کاموکی میں علاقوں میں کی گئی کارروائیوں کے دوران 6 ہزار سے زائد گندم کی بوریاں برآمد کی گئیں جبکہ 2 گودام مالکان کی عدم دستیابی کے باعث، سیل کردیے گئے۔ ذخیرہ اندوزوں کیخلاف مقدمات بھی درج کروائے جارہے ہیں۔ ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈاؤن اسسٹنٹ کمشنرز خرم مختار بھنگو، میاں توصیف حسن، میاں اظہر طارق وٹو، وقاص سکندری، ریونیو افسران، محکمہ خوراک کیا افسران نے کیں۔

بقیہ 17

سیفٹی اور ٹرانسپورٹ کی فراہمی اولین ترجیح ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئیسکو ریجنل سٹور اسلام آباد میں ملازمین کیلئے خریدی گئی 2 نئی کوسٹرز کی تقریب کے دوران کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پرانی گاڑیوں کے باعث نہ صرف ملازمین کو سفری مشکلات کا سامنا تھا بلکہ ان گاڑیوں پر مینٹیننس اور ایندھن کے اخراجات بھی زیادہ تھے۔ اب ملازمین کو نہ صرف بہتر سفری سہولیات میسر ہوں گی بلکہ مینٹیننس کے غیر ضروری اخراجات میں بھی نمایاں کمی واقع ہوگی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان نے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آئیسکو انجینئر قمر الاسلام راجہ اور بورڈ کے دیگر ممبران کا شکریہ ادا کیا جن کے مثبت اور بروقت فیصلوں کی بدولت آئیسکو میں نہ صرف فیلڈ میں درکار میٹریل کی کمی ختم ہوئی ہے بلکہ ملازمین کی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر بھی عمل تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم مبین سکندر کی ذاتی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب میں جنرل منیجر ٹیکنیکل امتیاز الرحمٰن، ڈائریکٹر جنرل ایڈمن محمد عابد، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز عاصم نذیر راجہ نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 18

کے مطابق پی ٹی آئی کی جانب سے مذاکرات کی رپورٹ رجسٹرار آفس سپریم کورٹ میں جمع کرائی گئی ہے، تحریک انصاف نے متفرق درخواست کے ذریعے مذاکرات بارے سپریم کورٹ کو آگاہ کیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ حکومت کے ساتھ مذاکرات کے 3 ادوار ہوئے، مذاکرات میں ہر ممکن حد تک لچک دکھائی۔ متفرق درخواست میں گزشتہ روز مذاکرات سے متعلق پیشرفت کی تفصیلات بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب ملک بھر میں عام انتخابات کے لیے حکومت اور پی ٹی آئی کی تجویز کردہ تاریخیں سامنے آگئیں۔ رپورٹ کے مطابق حکومتی وفد نے پی ٹی آئی وفد کو 15 ستمبر کو ملک بھر میں انتخابات کرانے کی تجویز دے دی جب کہ پی ٹی آئی کی جانب سے 15 جولائی کو ملک بھر میں انتخابات کرانے کی تجویز دی گئی۔ پی ٹی آئی نے 14 مئی سے قبل اسمبلیوں کی تحلیل کی تجویز دی۔ حکومتی اتحاد نے 15 جولائی کو اسمبلیوں کی تحلیل کی تجویز دی۔ فریقین نے تاریخوں اور اسمبلیوں کی تحلیل پر قائدین سے مشاورت کے لیے وقت مانگا۔ حکومتی اتحاد نے معاشی صورتحال نگران سیٹ اپ پر نہ ڈالنے کی تجویز دی۔ اجلاس میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق ہوا۔ مزید مذاکرات سپریم کورٹ میں رپورٹ جمع کرانے کے بعد ہوسکتے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی حکومت نے 14 مئی سے پہلے اسمبلیاں تحلیل کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا بجٹ سے پہلے اسمبلیاں تحلیل نہیں کر سکتے، پی ٹی آئی نے بجٹ پیش کرنے کی شرط پر نیم رضامندی ظاہر کردی، اجلاس میں اسمبلیاں توڑنے کی تاریخ پر اتفاق نہ ہونے پر مذاکرات میں تعطل آیا۔

بقیہ 19

کمیٹی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ کمیٹی میں شاہدہ اختر علی، محمد ابوبکر، چوہدری برجیس طاہر اور شیخ روحیل اصغر سمیت دیگر شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی تحقیقات میں کسی بھی تحقیقاتی ادارے کی مدد لے سکے گی، جامع تحقیقات کے بعد رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش کی جائے گی۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے بیٹے نجم ثاقب اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 137 ابوزر چدھڑ کی مبینہ آڈیو سامنے آئی تھی۔ لیک آڈیو میں تحریک انصاف کی ٹکٹوں کی فروخت سے متعلق گفتگو کی گئی تھی۔ ابوزر چدھڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی کوششیں رنگ لے آئی ہیں، جس پر نجم ثاقب نے کہا کہ مجھے اطلاع مل گئی ہے، اب بتائیں کیا کرنا ہے؟ ابوزر چدھڑ نے کہا کہ ابھی ٹکٹ چھوا رہے ہیں ناں، یہ چھاپ دے اس میں دیر نہ کریں وقت بہت تھوڑا ہے۔ نجم ثاقب نے جواب دیا کہ بس بابا سے ملاقات کیلئے آ جانا، بس اور کچھ نہیں۔ ابوزر چدھڑ نے کہا کہ ہاں ظاہر ہے کیسی بات کر رہے ہو۔ نجم ثاقب کا کہنا تھا کہ وہ گیارہ بجے تک دفتر آ جائیں گے، ان سے گلے ملنے آ جانا، انہوں نے بہت محنت کی ہے۔ ابوزر چدھڑ نے کہا کہ اچھا میں سوچ رہا تھا کہ پہلے انکل کے پاس آؤں یا شام کو ٹکٹ جمع کروا کر آؤں، جس پر نجم ثاقب نے جواب دیا کہ وہ مرضی ہے تمہاری لیکن آج کے دن میں بابا سے ملاقات ضرور کر لینا۔

بقیہ 20

کرتے ہوئے پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگیوں کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے صحافیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور موجودہ دور میں صحافیوں کو درپیش مسائل اور انکے مطالبات پر روشنی بھی ڈالی۔

بقیہ 21

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات ہوئی ہے، ملاقات میں آئی جی پنجاب، سی سی پی او لاہور اور چیف سیکرٹری پنجاب بھی موجود تھے۔ محسن نقوی نے پولیس آپریشن میں زخمی ہونے والے سالک حسین کی خیریت دریافت کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین کے گھر پیش آنے والے واقعہ پر معذرت خواہ ہوں، ہم عمرہ ادائیگی کیلئے سعودی عرب تھے آج ہی واپس آیا ہوں۔ انکا کہنا تھا کہ اطلاع ملتے ہی فوری تحقیقات حاصل کیں اور انکوائری کا حکم دیا، تحقیقات میں ذمہ داروں کا تعین ہوگا اور بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔ قانون سب کیلئے برابر ہے، پرویز الٰہی کے کارکنوں نے پولیس پر پیٹرول بم پھینکے اور پتھراؤ کیا۔ یاد رہے کہ دو روز قبل چوہدری شجاعت حسین نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ گھر پر آپریشن کے معاملے پر ایسی بات نہیں کرنا چاہتا جو ملکی سطح پر معاملات مزید خراب ہوں، پاکستان بہت پریشانیوں میں گھرا ہوا ہے، کچھ لوگ واقعات کو غلط رنگ دے کر پاکستان میں عجیب کیفیت پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ پولیس پرویز الٰہی کے گھر گئی تو انہیں بتایا گیا کہ پرویز الٰہی چوہدری شجاعت کے گھر ہیں، پولیس والے پرویز الٰہی کے گھر کو چھوڑ کر میرے گھر کی طرف دوڑ پڑے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس میرے گھر کے دروازے پر پہنچی تو دونوں بیٹے دروازے کی طرف تھے، پولیس اہلکار آگے بڑھ رہے تھے تو میرے دونوں بیٹوں نے انہیں روکا، پولیس نے دروازہ توڑنے کی کوشش کی۔ چوہدری شجاعت نے بتایا کہ دروازے کے شیشے ٹوٹ گئے مگر دروازہ نہ ٹوٹ سکا، میرے دونوں بیٹے اس صورتحال میں زخمی ہوگئے

بقیہ 22

01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم ارسلان سے 01 پستول 32 بور، ٹیکسلا پولیس نے ملزم سراج اختر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، واہ کینٹ پولیس نے ملزم صدیق سے 15 رونڈ پسٹل 30 بور، ملزم شاہ زیب سے 20 رونڈ پسٹل 30 بور برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 23

کا گندا پانی کھالے میں پھینکنے والی فیکٹریوں کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی ہے تاکہ قریبی آبادی کو ماحولیاتی آلودگی سے نجات ملے۔ ترجمان نے بتایا کہ محتسب آفس کی مداخلت پر ٹوبہ ٹیک سنگھ کیرائے محمد سمیع اللہ خان کو بی ایس (آنرز) انگلش کی ڈگری گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نے جاری کردی ہے۔ دریں اثناء محتسب آفس کی مداخلت پر درخواست کنندہ غلام عباس کی گاڑی فراڈ سے اپنے نام ٹرانسفر کروانے اور دھوکہ دہی کے مرتکب انسپکٹر ایکسائز ارم عباس کے خلاف محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن گوجرانوالہ نے پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت محکمانہ کارروائی کے علاوہ محکمہ انسداد رشوت ستانی گوجرانوالہ میں ایف آئی آر درج کروادی ہے۔ ایک علیحدہ درخواست پر محتسب آفس کے حکم پر لاہور کے حبیب ارشد نامی شہری کی گاڑی کی رجسٹریشن فائل کی گمشدگی کے ذمہ داران انسپکٹر فیصل اشتیاق چٹھہ، رانا شہباز اور کاشف سلیم کے خلاف موٹر رجسٹریشن اتھارٹی ماڈل ٹاؤن لاہور نے پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت کارروائی شروع کردی ہے جبکہ شکایت کنندہ کو گاڑی کی نئی فائل مہیا کردی گئی ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ ملتان کے قاضی محمد ذیشان علی کے کمپیوٹرائزڈ اسلحہ کی پنجاب سے آل پاکستان کیٹیگری میں منتقلی کی درخواست پر عمل کرتے ہوئے محکمہ داخلہ نے محتسب آفس کو مطلع کیا ہے کہ صوبہ بھر میں ڈپٹی کمشنر دفاتر میں ایک لاکھ 94 ہزار 593 اسلحہ لائسنسوں کی حسب ضابطہ تجدید کردی گئی ہے جس سے عوام کا ایک اہم مسئلہ حل ہوگیا ہے

بقیہ 24

ان مساجد کے پاس این او سی نہیں ہے۔ میں پوچھنا یہ چاہتا ہوں جناب اسپیکر آپ کے توسط سے کہ وہ مسجد میانی میں قادیانیوں نے باقاعدہ روڈ کے اوپر بورڈ لگا کر نہ صرف وہاں اپنی عبادت شروع کی اس کی کس نے اجازت دی؟ کس نے پرمیشن دی کہ وہ وہاں پر اپنی نماز ادا کر سکیں، اپنی مذہبی رسومات ادا کر سکیں۔ میں بطور مسلم، بطور پاکستانی آپ سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ اس چیز کی ناصرف انکوائری ہونی چاہیے بلکہ یہ تمام اداروں کے لیے بھی میں سمجھتا ہوں کہ ان کی ذمہ داری میں ان کے فرائض میں شامل ہے کہ جس کمیونٹی کو ہم یہاں پہ مسلمان نہیں تصور کرتے، اس پارلیمنٹ نے ان کو ڈکلیئر کیا ہے ان کی عبادت گاہ یہاں پہ ان کو اجازت دینا۔ ان کی مسجد کا قیام آنا، کیا انتظامیہ سو رہی تھی۔ کیا ان کو انفارمیشن نہیں تھی۔ جناب اسپیکر! آپ سے یہ گزارش ہے کہ رمضان المبارک کی ان بابرکت گھڑیوں میں جہاں پارلیمنٹ کے یہ ارکان، یہ ممبران اپنا فرض ادا کر رہے ہیں تو میں بھی بطور ممبر اپنا یہ فرض ادا کر رہا ہوں۔ آپ بطور اسپیکر اس کا نوٹس لیں اور اس کی پوری رپورٹ منگوائیں تاکہ ان اداروں کے خلاف کہ جو اس کے خلاف ایکشن نہیں لے سکے یہ بات واضح ہو سکے کہ یہ کن کی نیگلی جینس تھی اور کس طریقے سے اس کو یہ ایشو بنایا گیا۔ میری اسپیکر قومی اسمبلی سے یہ گزارش ہوگی کہ اس کے اوپر فی الفور نوٹس لیا جائے۔ دوسری جانب چیزوں کو ایک سمت لے کے جانا اور اپنی خواہش کے مطابق حقائق کو توڑ مروڑ کر سوشل میڈیا پر پیش کرنا۔ ملک کے سادہ لوح لوگوں کو گمراہ کرنا میں سمجھتا ہوں اس سے بڑی بددیانتی نہیں ہے۔ جناب اسپیکر! ملک جس پریشانی سے، جن مسائل سے گھرا ہوا ہے اس میں سب سے بڑا عنصر جھوٹ کا ہے۔ کوئی بھی ایسا ٹول، کوئی بھی ایسا ادارہ آج اس چیز کو ختم کرنے کے لیے کوئی عملی اقدامات نہیں اٹھا رہا۔ آپ ﷺ کے پاس ایک صحابی پیش ہوئے کہ یا رسول اللہ ﷺ کہ کونسا ایسا مومن کا عمل ہے کہ جس کے بغیر وہ مسلمان نہیں رہ سکتا تو آپ ﷺ نے جہاں دیگر ارشادات فرمائے وہاں ان میں ایک لفظ جھوٹ تھا کہ جو جھوٹا ہوگا وہ مسلمان نہیں رہ سکتا۔ آج ہم دیکھیں کہ ہم کس کس طرح کا پروپیگنڈا اس کو سیاست کا نام دیا جاتا ہے۔ اس کو الیکشن کمپین کا بہانہ بنایا جاتا ہے اور ہر طرح کا جھوٹ آپ کو سوشل میڈیا پر ملے گا۔ سوشل میڈیا کے خلاف جلد از جلد قانون بنایا جائے تاکہ لوگوں کی عزت کو اچھالنا بند کیا جاسکے۔

بقیہ 25

ہر ادارہ اپنی حدود کا تعین کرلے لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک میں یہ نہیں ہوسکا، ایک دن یہ ہوگا کہ عدلیہ فیصلہ دے گی اور پارلیمنٹ اسے تسلیم نہیں کرے گی۔ وزیر قانون ججز تعیناتی پر کہہ رہے ہیں کہ جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ سے مشاورت کی تو پھر کی ہوگی تاہم آئین و قانون میں ایسی مشاورت کی اجازت نہیں۔ شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ ناراض نہیں ہوں دکھ اور غصہ ہے ہمیں پرواہ نہیں کہ ملک کی کیا حالت کردی، مفت آٹا اسکیم میں 20 ارب کی چوری انکشاف نہیں حقیقت ہے، میں نے جو نمبرز بتائے وہ کم ہیں، چوری اس سے زیادہ ہوئی، تحقیقات ہوئیں تو بتادوں گا چوری کہاں اور کیسے ہوئی۔ یاد رہے کہ اس سے پہلے نواز شریف کی جانب اظہار برہمی پر شاہد خاقان عباسی نے اپنے بیان کی وضاحت کی تھی۔ شاہد خاقان عباسی نے اپنے بیان میں کہا کہ سسٹم میں پائی جانے والی خامیوں اور نقائص کی نشاندہی کی تھی، ستر سال سے ملک میں اسی قسم کا نظام رائج ہے، موجودہ حکومت یا پارٹی پر کسی قسم کا کوئی الزام عائد نہیں کیا

بقیہ 26

15 واقعات پیش آچکے ہیں۔ ان چار ماہ میں صوبہ بھر میں شدت پسندوں کے 61 حملے پسپا کیئے گئے جبکہ سب سے زیادہ پولیس اہلکاروں کی شہادت پشاور میں ہوئی جہاں پولیس لائنز خود کش دھماکے کے نتیجے میں 80 سے زائد پولیس اہلکار وافسران شہید ہوگئے تھے۔ جنوری کے بعد پولیس پر حملوں میں کمی واقع ہوئی، ماہ جنوری میں 30 حملے ہوئے جبکہ فروری میں 25، مارچ 15 اور اپریل میں 7 حملے کئے گئے۔ ان حملوں میں پشاور میں مجموعی طور پر 245، ملاکنڈ میں 46، ڈی آئی خان 24 اور بنوں میں 13 اہلکار زخمی ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا میں سب سے زیادہ حملے جنوبی اضلاع میں ہوئے ہیں۔

بقیہ 27

میں مصروف ہونے کی وجہ سے پیش نہیں ہوسکے۔ راؤ اورنگزیب ایڈووکیٹ نے استدعا کی کہ امجد پرویز ایڈووکیٹ کی عدم دستیابی کی وجہ سے کارروائی ملتوی کردی جائے۔ عدالت نے استدعا منظور کرلی۔ عدالت نے مزید سماعت 10 جون تک ملتوی کردی

بقیہ 28

بھی تعمیراتی کا کام کرنے سے گریز کیا جائے بصورت دیگر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 29

جس میں بتایا گیا کہ عثمان بزدار نے اپنی خلاف اینٹی کرپشن کے مقدمے میں ضمانت کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کرنا ہے اس لیے انہیں آج کی سماعت کیلئے پیشی سے استثنیٰ دیا جائے۔ احتساب عدالت نے عثمان بزدار کی ایک روز کی پیشی سے استثنیٰ کی درخواست منظور کر لی۔ نیب نے عثمان بزدار کیخلاف آمدن سے زائد اثاثے بنانے کی انکوائری شروع کی ہے۔ عدالت نے مزید سماعت 6 مئی تک ملتوی کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر نیب سے تفتیشی رپورٹ طلب کرلی۔

بقیہ 30

، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب گوجرانوالہ میں درج 2 کرپشن مقدمات میں ضمانت کیلئے پیش ہوئے، عدالت نے پرویز الٰہی کی 23 مئی تک عبوری ضمانت منظور کرلی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز لاہور ہائیکورٹ نے پرویز الٰہی کی گوجرانوالہ میں درج مقدمے میں 15 مئی تک حفاظتی ضمانت منظور کی۔ لاہور ہائیکورٹ نے چوہدری پرویز الٰہی کو فوری گرفتار کرنے سے روک دیا تھا۔ عدالت نے چوہدری پرویز الٰہی کو متعلقہ عدالت سے رجوع کرنے کی ہدایت کی اور حکم دیا کہ کوئی نیا مقدمہ درج ہوا تو اس کی درخواست دوبارہ دائر کریں۔ قبل ازیں لاہور ہائیکورٹ میں ہی پرویز الٰہی کے گھر پولیس آپریشن کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس سرفراز ڈوگر نے پرویز الٰہی کے بیٹے راسخ الٰہی کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے پنجاب حکومت سمیت دیگر فریقین سے 8 مئی کو جواب طلب کرلیا، عامر سعید راں ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے گھر غیر قانونی طور پر آپریشن کیا گیا، ضمانت کے باوجود پرویز الٰہی کی گرفتاری کی کوشش کی گئی

بقیہ 31

نے ضروری کارروائی کے بعد نعشیں متعلقہ پولیس حکام کے حوالے کردیں۔ پولیس نے نعشیں تحویل میں لیکر شناخت اور دیگر قانونی اقدامات کیلئے کارروائی شروع کردی

بقیہ 32

ریکارڈ کر کے ٹی وی پر چلایا؟ جب سے نگران حکومت آئی ہمیں سیکیورٹی نہیں ملتی۔ ہم جان ہتھیلی پر رکھ کر عدالت میں آتے ہیں، کاغذات میں سیکیورٹی ملی لیکن حقیقت میں نہیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے عمران خان کو تمام مقدمات میں شامل تفتیش ہونے کا حکم دیا۔ بینچ نے ہدایت کی کہ عمران خان جمعہ کے روز 2 بجے پولیس تفتیش جوائن کریں۔ پنجاب حکومت تفتیش کر کے 8 مئی تک رپورٹ عدالت میں جمع کرائے۔ لاہور ہائیکورٹ نے درخواست کی سماعت پیر تک ملتوی کر دی۔ قبل ازیں عمران خان کیخلاف مقدمات کے اخراج کیلئے درخواست سماعت کیلئے مقرر کی گئی تھی، درخواست میں وفاقی حکومت، پنجاب حکومت، چیف سیکرٹری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہوم اور آئی جی پولیس کو فریق بنایا گیا

بقیہ 33

پی ٹی آئی خواتین ونگ ملتان شازیہ وحید آرائیں نے سینئر سیاستدان و وائس چیئرمین پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی کو راولپنڈی میں کامیاب ریلی نکالنے پر مبارکباد کی گلدستہ پیش کرتے ہوئے کیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پرامن جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ خواتین کارکنان نے سیاسی جدوجہد کے ہر مرحلے میں نہایت موثر کردار ادا کیا ہے۔ قومی سطح پر ذہن سازی اور سیاسی مکالمے میں خواتین کا کردار کلیدی حیثیت کا حامل ہے۔ خواتین کارکنان حقیقی آزادی کا پیغام گھر گھر لیکر جائیں اور قوم کو قانون کی بالادستی کیلئے تیار کریں۔ ہر تحریک کی طرح آئین بچاؤ ملک بچاؤ تحریک میں بھی خواتین ہراول دستے کے طور پر سامنے آگئی ہیں۔ شازیہ وحید آرائیں کی پارٹی وعوامی خدمات ناقابل فراموش ہیں کہ شازیہ وحید آرائیں زمان پارک میں روز اول موجود ہیں اور عمران خان کیساتھ کھڑی ہیں۔ شازیہ وحید آرائیں نے کہا کہ شاہ محمود قریشی ایماندار، قابل اور تجربہ کار سیاستدان ہیں۔ پی ٹی آئی بالخصوص ملتان کا فخر ہیں اور عمران خان کے سچے کھلاڑی ہیں کہ انہوں نے کبھی عمران خان کو تنہا نہیں چھوڑا جس بھی تحریک کا آغاز ہوا شاہ محمود قریشی سب سے آگے ہوتے ہیں جیسے جیل بھرو تحریک میں شاہ محمود قریشی نے پہلی گرفتاری دی۔ ضلع ملتان کی خواتین عمران خان اور شاہ محمود قریشی کے نظریے کو لیکر آگے بڑھ رہی ہیں۔ جب تک ہمارے قائد عمران خان زمان پارک میں غیر محفوظ ہیں ہم یہیں کھڑی رہیں گی۔

بقیہ 34

نے بتایا کہ یہ چیکنگ گجومتہ، اڈہ پلاٹ اور بابو صابو، راوی پل، سگیاں پل اور سندر ملتان روڈ پر کی گئی۔ اس حوالے سے ڈی جی فوڈ اتھارٹی پنجاب راجہ جہانگیر انور نے کہا کہ دودھ میں جدید لیکٹو سکین مشینوں کی مدد سے موقع پر ٹیسٹ کے دوران پانی، پاؤڈر اور یوریا کی ملاوٹ پائی گئی اور شہر بھر میں دودھ سپلائی کے لیے آنے والی گاڑیوں کی روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام تک پہنچنے والی خوراک کے معیار میں کمی کسی صورت برداشت نہیں کی جاسکتی اور صوبہ بھر میں ملاوٹ مافیا کا خاتمہ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 35

فراہم کی جائے، اسلام آباد پولیس کی جانب سے فراہم کردہ سکیورٹی واپس لے لی گئی ہے۔ جج نے کہا کہ کوئی دستاویزات جمع کروادیں جو سکیورٹی واپس لی گئی ہے، ہم دیکھ لیتے ہیں۔ ایف آئی اے نے تفصیلات جمع کراتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ مراد سعید کے خلاف ایف آئی اے کا کوئی کیس نہیں جبکہ پولیس نے 8 درج مقدمات کی تفصیلات جمع کرائیں۔ بعدازاں عدالت نے مراد سعید کے مقدمات کی تفصیلات فراہمی کا کیس نمٹا دیا۔ یہاں واضح رہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت جانے کے بعد تحریک انصاف کے کئی رہنماؤں کو گرفتار کا کیا گیا جن میں فواد چوہدری، علی زیدی اور علی امین گنڈاپور شامل ہیں۔ علی امین گنڈاپور ابھی بھی پولیس کی حراست میں ہیں۔

بقیہ 36

لحوں میں آگ پر قابو پالیا۔ واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تاہم ٹرالر کو جزوی نقصان پہنچا۔

بقیہ 37

انڈسٹریز کے موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ کی درآمد و برآمد کی صنعت کے کامیاب مستقبل کے لیے خواتین کی شمولیت ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ طویل مدتی منصوبوں کے بہتر نفاذ کا یہی واحد راستہ ہے۔ وفد یورپی یونین کے اس دورے کے دوران اجلاس میں سینئر نائب صدر سیالکوٹ وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مسز گل زیب وقاص اعوان، چیئر پرسن لیگل ایڈ کمیٹی لبنیٰ تبسم نے بھی شرکت کی۔ یورپی یونین کے وفد کا سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا یہ دورہ پاکستان کا فرسٹ کونسلر مسٹر ڈینیل کلاز کی قیادت میں تھا جس میں بلاک کے سفارتخانوں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 38

مقررہ وقت میں کمشنر راولپنڈی ڈویژن کی ہدایات کے مطابق مکمل کریں دستی جمع بندیوں کی تیاری اور گرداوری ربیع 2023 کی تکمیل کا ایک مقررہ وقتیں سرانجام کرنا تھا، جبکہ پٹواری شبیر نے بجائے اپنی کارکردگی بہتر کرنے کے اس نے عملے کے ساتھ جارحانہ اور برا سلوک دکھایا جبکہ آفس قانونگو کے ذریعے متعدد کالز اور طلبی کے باوجود پیش نہ ہوا شبیر عزیز، پٹواری کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ خود پیش ہوں اور تسلی بخش ثبوت اوضاحت کریں مزید، پیڈا ایکٹ، 2006 کے تحت انکوائری کی کارروائی شروع کرنے کے لیے اسے نوٹس جاری کیا جائے گا اے سی گوجرخان کے اس لیٹر اور پٹواری کی معطلی کے خلاف تحصیل گوجرخان کے تمام پٹواریوں کی اہم میٹنگ کے بعد اے سی گوجرخان کے خلاف احتجاج کے طور پہ ہڑتال کے فیصلہ کے بعد انجمن پٹواریاں گوجرخان نے ہڑتال کا اعلان کر دیا آج ضلعی صدر شبیر بھٹی، نمائندہ پنجاب چوہدری جمیل اختر، تحصیل صدر جمیل وارثی، سیکرٹری نصر اللہ اور سرپرست اعلیٰ مرزا سفیر کی موجودگی میں انجمن پٹواریان تحصیل گوجرخان کے صدر چوہدری جمیل وارثی نے آج مورخہ 3 مئی 2023 کو تحصیل گوجرخان میں ہڑتال کا اعلان کردیا ہے۔ انجمن پٹواریان گوجرخان کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ موجودہ اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان مراد حسین نیکوکارہ کے تبادلہ تک ہڑتال جاری رہے گی۔ تمام جملہ پٹواریان وگرداوران تحصیل گوجرخان نے دعائے خیر کیساتھ باقاعدہ ہڑتال کا آغاز کی

بقیہ 39

نے ہسپتال کے عملے کی حاضری کو چیک کیا اور صفائی وغیرہ کو چیک کیا تمام معاملات سے تسلی بخش پایا انہوں نے میڈیکل آفیسر کو بنیادی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایات کیں اور ڈاکٹرز اور سٹاف کو مریضوں اور ان کے لواحقین کے ساتھ دوستانہ رویہ اختیار کرنے کی ہدایات کیں اور تنبیہ کیا کہ کسی بھی قسم شکایت، غفلت لاپرواہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 40

کو حراست میں لے لیا، تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کی رہنما عذرا پروین کا بھائی بابا زاہد کینال روڈ پر کھاوا لا چوک روڈ پر جارہا تھا کہ دوست آصف نے فائرنگ کر کے بابا زاہد کو زخمی کردیا اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ملزم کو گرفتار کرلیا

بقیہ 41

کے معاون خصوصی مذہبی امور وہم آہنگی شبیر احمد عثمانی بھی موجود تھے، ملاقات میں دونوں ارکان نے وزیراعظم سمیت مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مسلم لیگ ن میں شمولیت کا اعلان کیا، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے کہا کہ اب بھی عوام کی طاقت اور اللہ کی مدد سے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے، اس موقع پر سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز اور دیگر موجود ارکان نے دونوں ارکان کو مسلم لیگ ن میں شمولیت اختیار کرنے پر مبارکباد دی حمزہ شہباز نے مزید کہا کہ ہم نے پہلے بھی ملک کو بھنور سے نکالا تھا، ملک کو دلدل سے صرف مسلم لیگ ن ہی نکال سکتی ہے۔

بقیہ 42

فورا نئے مقدمہ میں گرفتار کر لیتے تھے۔ اب جب یہ سہیل اصغر کو واپس کریں گے تو اس پر باقی جعلی مقدمات کے ساتھ ساتھ فرار ہونے کا جھوٹا مقدمہ بھی درج کر دیا جائے گا۔ یاد رہے کہ سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کیخلاف اینٹی کرپشن مقدمے میں گرفتار ان کا مبینہ فرنٹ مین ملزم سہیل اصغر تھانہ اینٹی کرپشن گوجرانوالہ کی حراست سے فرار ہوگیا، سہیل اصغر کو طبیعت خراب ہونے پر ہسپتال منتقل کیا جارہا تھا، جنرل بس اسٹینڈ کے قریب ڈالے پر سوار نامعلوم ملزمان نے سرکاری گاڑی کو زبردستی روک لیا جس کے بعد ملزمان سہیل اصغر کو زبردستی چھڑا کر فرار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ملزم سہیل اصغر جسمانی ریمانڈ پر اینٹی کرپشن پولیس کی حراست میں تھا جہاں سے وہ فرار ہوا۔ سہیل اصغر کے اینٹی کرپشن کی حراست سے فرار ہونے کا مقدمہ 7 نامعلوم افراد کے خلاف تھانہ ماڈل ٹاؤن میں سرکل آفیسر اینٹی کرپشن کی مدعیت میں درج کرلیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ سہیل اصغر پر ترقیاتی منصوبوں میں ٹھیکے دلوا کر چوہدری پرویز الٰہی کو کک بیکس دینے کا الزام ہے۔

بقیہ 43

اور فیاض کو گرفتار کر کے 3150 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی

بقیہ 44

ہوگئیں اور مقدمات بحال ہوگئے تو ان کی اقتدار میں دلچسپی ختم ہوجائے گی، این آر او 2022 کو بچانے کیلئے سپریم کورٹ کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ سابق وزیر اطلاعات نے کہا کہ سپریم کورٹ کے 8 ججز ن لیگ کے نشانے پر ہیں، یہ تمام مہم صرف ایک مقصد کیلئے ہو رہی ہے، انکا مقصد ہے کہ چیف جسٹس کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ تحلیل ہو، ن لیگ میں مرضی کے بینچ بنوانے کا شوق پرانا ہے۔ عدالتیں آئین اور قانون کے مطابق فیصلہ دیں، عملدرآمد کرائیں گے، آئین کو بچانے سپریم کورٹ کی ذمہ داری نہیں عوام کی بھی ہے۔ رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ عوام کو اپنے حقوق کیلئے گھر سے باہر نکلنا ہوگا، اس وقت کا عدلیہ کا مقابلہ ایک مافیا سے ہے۔ ملک کی 96 بار ایسوسی ایشنز سپریم کورٹ کے حق میں قرار دادیں منظور کر چکی ہیں، پورا پاکستان سپریم کورٹ کے ساتھ کھڑا ہے، ججز بلیک میلنگ میں نہ آئیں، آئین نہیں رہتا اور سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل نہیں ہوتا تو عوام فیصلے کریں گے

بقیہ 45

وتجارت ایس ایم تنویر نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صنعتکاری کو فروغ دیکر ملک کی معاشی مشکلات میں کمی لائی جاسکتی ہے۔ پنجاب کی نگران حکومت مختصر مدت میں صنعتکاری کے عمل کو تیز کرنے کیلئے موثر حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکاروں کا نمائندہ ہوں اور ان کے مسائل کے حل کیلئے ہمہ وقت حاضر ہوں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بیروزگاری کے مسئلہ سے نمٹنے کے لئے انڈسٹریلائزیشن بے حد ضروری ہے۔ صنعتوں کا پہیہ چلے گا تو نوجوانوں کو روزگار بھی ملے گا۔ نگران حکومت پنجاب میں صنعتکاری کے عمل میں تیزی لانے کے لئے ہر ضروری اقدام اٹھا رہی ہے۔ وفد میں صدر ایوان صنعت وتجارت گجرات سکندر اسحاق رازی، چیئرمین پی پی ایم اے حاجی زاہد، سابق چیئرمین پی پی ایم اے زمان اقبال اور دیگر صنعتکار شامل تھے۔

بقیہ 46

اللہ وکلا، ججز حضرات، اساتذہ کرام، تاجر برادری صحافی برادری سیاسی وسماجی اور کاروباری شخصیات نے بھرپور شرکت کی اور نوبیاہتا جوڑے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

بقیہ 47

5 رکنی ڈکیت گینگ افتخار عرف ٹالی کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کر لیا ہے مذکورہ ملزمان عرصہ دراز سے چوری ڈکیتی کی درجنوں وارداتوں میں مطلوب تھے ملزمان کے قبضے سے تین لاکھ روپے نقدی کلاشنکوف چار پسٹل چھ قیمتی موبائل فون اور مال مسروقہ برآمد ہوا ہے انکشافات کی روشنی میں ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 48

خریداری مہم کا جائزہ لینے کیلئے ضلع مظفر گڑھ کا دورہ کیا، انہوں نے کپاس کی فی ایکڑ بہتر پیداوار حاصل کرنے کے لئے بھی اقدامات کا بھی آغاز کر دیا، انہوں نے کرم داد قریشی سے گجرات جانیوالی زیر تعمیر ڈبل کیرج وے کا معائنہ کیا، اس موقع پر سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو جنوبی پنجاب جواد اکرم بھی ان کے ہمراہ تھے، ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ سلمان خان لودھی نے انہیں بریفنگ دی۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساؤتھ پنجاب نے تمام اضلاع کو جاری ترقیاتی منصوبے 30 جون تک مکمل کرنے کے ہدف دیتے ہوئے کہا کہ تمام میگا پراجیکٹس کو معینہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے، انہوں نے کہا کہ عوام تک ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات پہنچانے کے لیان کی بروقت تکمیل ضروری ہے، اعلیٰ تعمیراتی معیار کے لئے منصوبوں کی مانیٹرنگ کی جائے، انہوں نے گندم خریداری کا ٹارگٹ حاصل کرنے کے لئے مہم کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے

بقیہ 49

ضروری مطلوبہ انتظامات کی تکمیل ممکن نہیں جبکہ انتخابات کے التوا یا تنسیخ کا اعلان آئندہ ہفتے کیا جائے گا۔ سپریم کورٹ نے سماعت کیلئے الیکشن کمیشن کو طلب نہیں کیا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے گزشتہ ماہ 4 اپریل کو پنجاب اسمبلی کے لیے 14 مئی کو انتخابات کرانے کا حکم جاری کیا تھا۔ جب کہ وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ 14 مئی کو الیکشن کا انعقاد ممکن نہیں۔

بقیہ 50

سوشل میڈیا پر اپنی اجارہ داری سے پوری دنیا میں تہلکہ مچا دیا ہے، عقائد کی دنیا میں سوشل میڈیا کے ذریعے جو نقب زنی کی جارہی ہے جس طرح عقائد حقہ کو مسمار کرنے کی کوشش کی جارہی ہے نسل نو کو اسلاف کے طریق سے ہٹا کر ایک نئی دنیا کی جانب لے جانے کی کوشش کی جارہی ہے، اس پر ہمیں سنجیدگی سے سوچنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شعبہ امور نوجوانان علماء مشائخ کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، وفد میں پیر زادہ ایم امین مانکی شریف، پیر زادہ محمد اکرم رضا بغدادی، صاحبزادہ پرویز اکبر ساقی ودیگر شامل تھے، ملاقات میں موجودہ ملکی حالات، اتحاد امت کے حوالے اقدامات، نفاذ نظام مصطفیٰ کے نفاذ کیلئے تحریک چلانے اور باہمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی نے کہا کہ پی ٹی آئی اور پی ڈی ایم کے درمیان سیاسی چپقلش کا خمیازہ ملک وقوم بھگت رہے ہیں۔ ملک میں انتخابی اصلاحات کے ساتھ نئے مینڈیٹ لے کر آنے والی حکومت ہی بہتری کی امید لا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو آئین وقانون کے مطابق چلایا جائے۔ مرضی کے فیصلوں کو قبول کرنا اور مرضی کے خلاف آنے والے فیصلوں پر تنقید درست نہیں۔ عہدے اور اختیارات قوم کی امانت ہیں، جب تک بااثر افراد خود کو کسی قانون کا پابند نہیں بنائیں گے اس وقت تک حالات بہتر نہیں ہو سکتے قومی خزانہ لوٹنے والوں کا محاسبہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو انتقامی سیاست کی بھینٹ چڑھانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ سیاسی اختلافات کی بنیاد پر قوم میں تفریق خطرناک اور ملکی سلامتی کو داؤ پر لگانے کے مترادف ہے۔ پی ٹی آئی اور پی ڈی ایم کے درمیان سیاسی چپقلش کا خمیازہ عام آدمی بھگت رہا ہے۔ افراتفری اور انتشار سے عوامی صورتحال مزید پیچیدہ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اغیار اور ان کے تھنک ٹینکس پوری شعوری کوششیں کر رہے ہیں کہ مسلمانوں کے دلوں سے جذبہ حب رسول ﷺ نکالا جائے، اہلبیت اطہارؓ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ محبت ومودت اور ہمارے اسلاف جنہوں نے برصغیر کی سرزمین پر اپنے تقویٰ کے ذریعے اسلام کو پھیلایا کے تعلق کو کمزور کیا جائے، آج عصر حاضر کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے دنیا وآخرت میں نجات اور اپنا کھویا ہوا وقار حاصل کرنے کیلئے نسل نو کا قرآن کے ساتھ تعلق کو مضبوط کرنا ہوگا۔ صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی زور دیا کہ اصلاح معاشرے کیلئے آج ہمیں سرور کائنات حضرت محمد ﷺ سے غلامی کا تعلق مضبوط کرنا ہوگا، اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہو کر ہمیں اپنی دینی اقدار کی پاسداری کرتے ہوئے اپنی اور آنے والی نسلوں کیلئے بقاء وسلامتی کا ضامن بنانا ہوگا۔ دنیا کو امن کا گہوارہ بنانے کیلئے ضروری ہے کہ ہم اولیاء کاملین کی زندگیوں کو مشعل راہ بناتے ہوئے آگے بڑھیں۔ انہوں نے اس حوالے سے مزید کہا کہ ہمیں اپنی زندگیوں کو قرآن کریم کے تابع اور سیرت النبی ﷺ کو مینارہ نور بنانا ہوگا، انسانی قلب کا سکون وآرام اللہ کی یاد میں ہے اولیاء کاملین نے بھٹکی ہوئی انسانیت کو راہ مستقیم پر گامزن کیا، بزرگان دین نے ہمیشہ انسانیت کی خدمت کا درس دیا اور اپنا وجود لوگوں کی بھلائی کیلئے وقف کئے رکھا، جو مسلم امہ کیلئے مشعل راہ ہے۔

بقیہ 51

کالج کے پرنسپل پروفیسر رانا وحید احمد نے ان سے خطاب کرتے ہوئے چھ کروڑ پچاس لاکھ کی سکالرشپ کا اعلان کیا۔ طلباؤ طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے انعامات کی فہرست میں موٹر بائیک، لیپ ٹاپ، ٹیبلٹ، موبائل فونز کے ساتھ ساتھ کثیر تعداد میں بکس بھی تقسیم کی گئی۔ اس موقع پر کالج کے وائس پرنسپل یاسر افتخار صاحب نے آنے والے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ ڈائریکٹر آپریشن ڈاکٹر محمد قاسم نے شاندار تقریب منعقد کروانے پر اساتذہ و کالج انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ اور اس قسم کی تقریبات منعقد کروانے کے سلسلے کو جاری رکھنے کا عزم کیا۔

بقیہ 52

(ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 53

سال سے صادق آباد پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا

بقیہ 54

پورٹس پر پاکستانی عازمین کیلئے استقبالیہ ڈیسک قائم ہونگے، شعبہ گمشدگی و بازیابی، رہنمائی اور شکایات سیل قائم کیا جائے گا، رہائش خوراک وسفری سہولیات، نجی حج سکیم کی مانیٹرنگ کے شعبے قائم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ ومدینہ میں مرکزی ہسپتال سمیت 14 ڈسپنسریاں قائم کی جائیں گی، حج میڈیکل مشن 500 تجربہ کار افراد پر مشتمل ہے، حج میڈیکل مشن میں آرمی و سول ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف شامل ہے، میڈیکل مشن میں 180 ڈاکٹرز اور 320 پیرا میڈیکل سٹاف شامل ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ معاونین حج وفاقی و صوبائی سول سیکرٹریٹ ملازمین، رینجرز، پولیس، 1122 پر مشتمل ہے، مفت ادویات، ایکسرے، لیبارٹری، پاکستانی طبی عملہ 24 گھنٹے دستیاب ہوگا، حج 2023 کیلئے معاونین کی تربیت کا آغاز کردیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور نے کہا کہ معاونین کی تربیت اور مشقوں کا اہتمام حاجی کیمپ اسلام آباد میں کیا گیا ہے، ملک بھر سے 550 بہترین معاونین حج کا انتخاب کیا گیا ہے، وزارت کا 220 افراد پر مشتمل عملہ و افسران بھی عازمین کی معاونت کریں گے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر معاونین سجاد یلدرم نے کہا کہ عازمین حج کی سہولت کیلئے ہر طرح کی سہولت ورہنمائی فراہم کرینگے، معاونین کو سعودی قوانین کے بارے میں آگاہ کیا جارہا ہے، خدام کو موسم اور سفری سختیوں سے نبرد آزما ہونے کی تربیت دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عازمین حج کی آسانی کیلئے وزارت مذہبی امور تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، عازمین حج سے درخواست ہے مقامات مقدسہ میں صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

بقیہ 55

آئی کے درمیان الیکشن کے حوالے سے مذاکرات کا تیسرا دور پارلیمنٹ ہاؤس کے کمیٹی روم میں ہوا۔ حکومتی وفد میں اسحاق ڈار، یوسف رضا گیلانی، سعد رفیق، کشور زہرہ، طارق بشیر چیمہ، اعظم نذیر تارڑ، سید نوید قمر جبکہ پی ٹی آئی کے وفد میں شاہ محمود قریشی، فواد چوہدری اور سینیٹر علی ظفر شامل تھے۔ مذاکرات کے بعد میڈیا سے گفتگو میں اسحاق ڈار نے کہا کہ اتفاق ہو چکا ہے کہ الیکشن ایک ہی دن ہونے میں بہتری ہے، نگران حکومت کی موجودگی میں ملک میں الیکشن ہوں گے، ملک میں ایک دن الیکشن ہونے پر اتفاق ہونا بڑی کامیابی ہے، امید ہے کہ دونوں فریق خلوص کے ساتھ چلیں گی تو تیسرا مرحلہ بھی طے ہوجائے گا، الیکشن کی تاریخ پر دونوں فریقین کے اپنے اپنے مؤقف ہیں، الیکشن کی تاریخ پر ابھی اتفاق رائے نہیں ہوا، ہم نے کہا ہے کہ جو بھی الیکشن جیتے گا نتائج تسلیم کیے جائیں گے

بقیہ 56

۔ انکوائری میں ملزم سہیل اصغر کے فرار ہونے میں اینٹی کرپشن کا کوئی آفسر یا آفیشل ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ملزم سہیل اصغر کو رات طبیعت کی خرابی کی وجہ سے ہسپتال لے جا رہے تھے کہ گروہ موقع پا کر حراست سے فرار ہوگیا۔ محکمہ اینٹی کرپشن احکام کے مطابق ملزم سہیل اصغر اعوان نبیہ برج تا چٹن والا سڑک کی تعمیر میں 2 ارب روپے کی کرپشن میں ملوث ہے

بقیہ 57

کرلیا۔ مقدمہ درج کرنے کی درخواست پر فیصلہ 5 مئی کو سنایا جائے گا۔ یاد رہے گذشتہ ہفتے تمام کوششوں کے باوجود کراچی چڑیا گھر کی علیل ہتھنی چل بسی تھی، ہتھنی نور جہاں بخار میں مبتلا تھی، ہتھنی نور جہاں کا علاج عالمی سطح کی ماہرین کی زیر نگرانی ہو رہا تھا۔ کراچی چڑیا گھر میں 17 سال سے موجود نور جہاں گذشتہ کئی روز سے زمین پر لیٹی ہوئی تھی اور اپنے پاں پر کھڑی نہیں ہو پا رہی تھی۔ فورپاز انٹرنیشنل ٹیم کے سربراہ ڈاکٹر عامر خلیل نے کہا ہے کہ نور جہاں بہادر ہتھنی تھی۔ ڈاکٹر عامر خلیل نے کہا کہ دیگر جانور بھی ہم یہاں ہی دیکھنے کے خواہش مند ہیں، پاکستان بہترین جگہ ہے، دوماہ بعد دوبارہ ملیں گے۔ ہتھنی نور جہاں کی پوسٹ مارٹم ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر چڑیا گھر انتظامیہ میں کھلبلی مچ گئی، کراچی کے چڑیا گھر کی انتظامیہ نے غفلت، نااہلی اور بے حسی کی انتہا کردی، ہتھنی نور جہاں کی پوسٹ مارٹم کی ویڈیو لیک ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر نور جہاں کی پوسٹ مارٹم ویڈیو وائرل ہونے پر چڑیا گھر انتظامیہ میں کھلبلی مچ گئی، ذرائع نے بتایا کہ چڑیا گھر انتظامیہ نے ویڈیو لیک ہونے پر عملے سے پوچھ گچھ شروع کردی ہے۔ جانوروں سے محبت کرنے والے ویڈیو وائرل ہونے پر سخت برہمی کا اظہار کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں جانوروں کے علاج معالجے کی بین الاقوامی تنظیم فور پاز انٹرنیشنل کی ٹیم نے کراچی چڑیا گھر میں موجود دوسری ہتھنی مدھوبالا کو سفاری پارک منتقل کرنے کی مخالفت کردی ہے

بقیہ 58

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام یوسف خان اور پروگرام کے دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل NSER نوید اکبر نے وفد کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی عمومی پیش رفت اور مختلف اصلاحات کے بارے میں آگاہ کیا۔ عالمی بینک کے وفد کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت چلنے والے مختلف پروگرام جیسا کہ بینظیر کفالت، بینظیر نشوونما، بینظیر تعلیمی وظائف اور کفالت پروگرام میں اندراج کے لیے مستحقین کے ڈیٹا کو اپڈیٹ کرنے کے لئے ڈائنامک رجسٹری متعارف کرانے جیسے اقدامات کے بارے میں بھی بریفنگ دی

بقیہ 59

روم میں ہیٹ ویو اور کلائمیٹ چینج بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔ ڈائریکٹر (لاء) ایل ڈی اے کی طرف سے بتایا گیا کہ لاہور ہائیکورٹ کی ہدایت پر سیکرٹری تحفظ ماحولیات کی زیر قیادت ہیٹ ویو مینجمنٹ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس میں متعلقہ محکموں کے نمائندگان کو ممبر بنایا گیا ہے۔ اس کمیٹی کے ٹی او آرز میں ہیٹ ویو کو کنٹرول کرنے کے حوالے سے پلان کی تشکیل شامل ہے۔ ڈاکٹر ساجد محمود چوہان نے ہدایت کی کہ ہیٹ ویو کے مضر صحت اثرات سے بچنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر لائحہ عمل مرتب کیا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ محکمہ جنگلات اور پی ایچ اے سالانہ، پانچ سالہ اور دس سالہ منصوبے بنا کر اگلے اجلاس میں پیش کریں جبکہ ایل ڈی اے کو پابند کیا گیا کہ روف ٹاپ اور گھر کے سامنے شجر کاری کو لازم قرار دیا جائے۔

بقیہ 60

امرال پولیس نے متاثرہ خاتون کی درخواست پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم مصطفیٰ رضا کو گرفتار کرلیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ متاثرہ خاتون کا میڈیکل کروایا جارہا ہے، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا

ایک طرف مذاکرات اور دوسری جانب چھاپے مار رہے ہیں، پرویز الٰہی

قوم کو پتہ چل جائے گا نواز شریف اور شہباز شریف کتنے بڑے منافق ہیں، صدر پی ٹی آئی

پارلیمنٹ میں خواجہ آصف نے جو کہا وہ صحیح ن لیگ کی خدمت کر رہے ہیں، وزیر دفاع نے نواز شریف اور شہباز شریف کا اصل چہرہ سب کو دکھا دیا

گجرات (خبر نگار) پرویز الٰہی کا کہنا ہے کہ خواجہ آصف نے پارلیمنٹ میں شہباز شریف اور نواز شریف کا اصل چہرہ قوم کو دکھایا۔ تفصیلات کے مطابق گجرات میں اینٹی کرپشن عدالت سے ضمانت ملنے کے بعد صدر پی ٹی آئی چوہدری پرویز الٰہی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف مذاکرات اور دوسری جانب چھاپے مار رہے ہیں، قوم کو پتہ چل جائے گا نواز شریف اور شہباز شریف کتنے بڑے منافق ہیں۔ حکومتی ایوانوں کا زمینی حقائق سے کوئی تعلق نہیں رہا، ہماری قیادت کو بخوبی علم ہے کہ حکومت کیا کر رہی ہے۔ سپریم کورٹ کا فیصلہ آنے کے بعد سب کچھ کلیئر ہو جائے گا، پارلیمنٹ میں خواجہ آصف نے جو کہا وہ صحیح ن لیگ کی خدمت کر رہے ہیں، وزیر دفاع نے نواز شریف اور شہباز شریف کا اصل چہرہ سب کو دکھا دیا۔ جبکہ پرویز الٰہی اینٹی کرپشن عدالت میں پیش ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

لاہور: 2027 تک دنیا میں 1 کروڑ 40 لاکھ ملازمتوں میں کمی واقع ہونے کا خدشہ

مذاکرات ناکام ہی ہونے ہیں PTI کی نیت خراب ہوتی ہے، شاہد خاقان عباسی

وزیر قانون ججز تعیناتی پر کہہ رہے ہیں جنرل ریٹائرڈ باجوہ سے مشاورت کی تو پھر کی ہوگی

مفت آٹا اسکیم میں 20 ارب کی چوری انکشاف نہیں حقیقت ہے، سابق وزیراعظم کی گفتگو

لاہور (اسپیشل رپورٹر) شاہد خاقان عباسی کا کہنا ہے کہ مذاکرات ناکام ہی ہونے ہیں کیونکہ پی ٹی آئی کی نیت خراب ہوتی ہے۔ فیٹف اور نیب معاملے پر پی ٹی آئی کے ساتھ دو بار بات چیت کا تجربہ کر چکا ہوں، دونوں بار پی ٹی آئی نے مذاکرات کئے پھر کہا ہم سے این آر او مانگتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم اور رہنما مسلم لیگ ن شاہد خاقان عباسی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ چوہدری پرویز الٰہی کے گھر چھاپے کے دوران جو ہوا وہ درست نہیں تھا، عمران خان ماضی میں یہ سب کچھ کرتے رہے اور پرویز الٰہی اس کا حصہ تھے، چھاپے سے وفاق کا تعلق نہیں یہ پنجاب پولیس ہے جہاں نگران حکومت ہے۔ محسن نقوی کو اگر معاملے کا علم نہیں تو پتہ کر لیں کہ کس نے کیا؟ بکتر بند گاڑی لیکر کسی سیاسی رہنما یا عام شہری کے گھر بھی نہیں جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

لاہور معروف صحافی حاجی یعقوب رحمانی دوران عمرہ۔ خانہ کعبہ اور مسجد نبوی کی زیارت

عدالت نے عثمان بزدار کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی

نیب نے عثمان بزدار کیخلاف آمدن سے زائد اثاثے بنانے کی انکوائری شروع کی ہے

عدالت نے مزید سماعت 6 مئی تک ملتوی کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر نیب سے تفتیشی رپورٹ طلب کر لی

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور کی احتساب عدالت نے آمدن سے زائد اثاثوں کی انکوائری اور کال آپ نوٹس کے معاملے میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کی عبوری ضمانت میں ہفتہ کے روز تک توسیع کر دی۔ احتساب عدالت کے جج سجاد احمد شیخ نے تحریک انصاف کے سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ بدھ کو سماعت پر عثمان بزدار اپنی عبوری ضمانت کی معیاد ختم ہونے پر عدالت میں پیش نہیں ہوئے اور ان کے وکیل نے پیشی سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

لاہور کی سپیشل سنٹرل عدالت نے سلمان شہباز

طاہر نقوی کی بریت کی درخواستوں پر وکلا کو 10 جون کو دلائل کیلئے طلب کر لیا

سپیشل جج سنٹرل عدالت بخت فخر بہزاد نے سلمان شہباز سمیت دیگر کیخلاف منی لانڈرنگ کیس کی سماعت کی

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور کی سپیشل سنٹرل عدالت نے وزیراعظم کے بیٹے سلمان شہباز، ساتھی ملزم طاہر نقوی کی بریت کی درخواستوں پر وکلا کو 10 جون کو دلائل کیلئے طلب کر لیا۔ سپیشل جج سنٹرل عدالت بخت فخر بہزاد نے سلمان شہباز سمیت دیگر کیخلاف منی لانڈرنگ کیس کی سماعت کی۔ بدھ کو سلمان شہباز اور طاہر نقوی پیش ہوئے۔ ملزمان کے وکیل راؤ اورنگزیب نے بتایا کہ اس مقدمے میں امجد پرویز ایڈووکیٹ سلمان شہباز کی پیروی کر رہے ہیں لیکن وہ اسلام آباد توشہ خانہ کیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

کراچی: ملک کے بڑے ایئرپورٹس پر برڈریپیلنٹ سسٹم لگانے کا فیصلہ

فیصل آباد، دو نامعلوم نشے کے عادی افراد کی نعشیں برآمد

پولیس کا تحویل میں لے کر شناخت اور دیگر قانونی کارروائی آغاز

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد میں دو نامعلوم نشے کے عادی افراد کی نعشیں برآمد ہوئی ہیں، پولیس نے تحویل میں لے کر شناخت اور دیگر قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا روڈ پر جنرل بس سٹینڈ چوک لاری اڈا کے علاقے سے 45 سالہ نامعلوم نشے کے عادی شخص کی نعش برآمد ہوئی۔ اسی طرح تھانہ فیکٹری کے علاقہ ڈھکوٹ روڈ سموسہ پارک پرانی سنٹرل جیل کے قریب سے نشے کے عادی شخص 34 سالہ شخص کی نعش برآمد ہوئی۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پی ڈی ایم ملک کو تقسیم، پی ٹی آئی یکجا کرنا چاہتی ہے۔ شازیہ وحید آرائیں

ملتان (سٹی رپورٹر) پی ڈی ایم ملک کو تقسیم، پی ٹی آئی یکجا کرنا چاہتی ہے۔ پی ٹی آئی عوام کی کچہری میں جانے کو تیار، پی ڈی ایم انتخابات سے راہ فرار چاہتی ہے۔ آئین بچاؤ ملک بچاؤ تحریک ملک و قوم کے مفاد میں ہے۔ شاہ محمود قریشی کی پارٹی و عوامی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ان خیالات کا اظہار سابق ضلعی جنرل سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

وفاقی حکومت کا مراد سعید کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

جسٹس ارباب محمد طاہر نے مراد سعید کی مقدمات کی تفصیلات فراہمی سے متعلق کیس کی سماعت کی

وفاقی حکومت نے خیبرپختونخوا حکومت کو مراد سعید کو ہر حالت میں گرفتار کرنے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی حکومت نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مراد سعید کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت نے خیبرپختونخوا حکومت کو مراد سعید کو ہر حالت میں گرفتار کرنے کی ہدایت کر دی۔ رپورٹ کے مطابق مراد سعید کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں۔ خیال رہے کہ گذشتہ ماہ وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے اور پولیس نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مراد سعید کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات اسلام آباد ہائی کورٹ میں جمع کروا تھیں جس پر عدالت نے تحریک انصاف کے رہنما مراد سعید کے مقدمات کی تفصیلات فراہمی کا کیس نمٹا دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں جسٹس ارباب محمد طاہر نے مراد سعید کی مقدمات کی تفصیلات فراہمی سے متعلق کیس کی سماعت کی، وکیل مراد سعید شیر افضل مروت عدالت میں پیش ہوئے۔ مراد سعید کے وکیل نے عدالت میں موقف اپنایا کہ مراد سعید کو واضح سیکیورٹی تھریٹ ہیں، سیکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ایبٹ آباد، سٹیزن پورٹل پر ملنے والی شکایت پر کارروائی

ایبٹ آباد (جنرل رپورٹر) ایبٹ آباد میں بلڈنگ برانچ اور انکروچمنٹ سٹاف نے سٹیزن پورٹل پر ملنے والی شکایت پر فوری کارروائی کرتے ہوئے منڈیاں کاغان کالونی مین روڈ پر غیر قانونی بورنگ کا کام بند کروا کر سامان ضبط کر لیا۔ ٹی ایم اے ترجمان نے واضح کیا کہ مرکزی سڑک یا کسی بھی حکومتی پراپرٹی پر غیر قانونی تعمیرات، بورنگ یا دیگر کوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

پشاور، خیبرپختونخوا پولیس پر 4 ماہ میں شدت پسندوں کے 77 حملے

خیبرپختونخوا کی جانب سے جاری اعدادوشمار، 120 پولیس اہلکار شہید، 333 زخمی

پشاور (یو این پی) پشاور سمیت خیبرپختونخوا میں پولیس پر 4 ماہ کے دوران شدت پسندوں نے 77 حملے کئے جن میں 120 پولیس اہلکار و افسران شہید جبکہ 333 زخمی ہوئے ہیں۔ اس حوالے سے محکمہ پولیس خیبرپختونخوا کی جانب سے جاری اعدادوشمار کے مطابق پولیس پر حملوں کے واقعات پشاور، مردان، ملاکنڈ، کوہاٹ، بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان میں پیش آئے ہیں جہاں ان چار مہینوں میں بنوں میں سب سے زیادہ 24 حملے کئے گئے جبکہ ڈیرہ میں 23 اور پشاور میں پولیس پر حملوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ہائیکورٹ میں دھکم پیل کی وجہ سے عمران خان کی ٹانگ دوبارہ زخمی ہو گئی

ڈاکٹرز نے چیئرمین پی ٹی آئی کو 10 روز آرام کا مشورہ دیا ہے

صحت یاب ہونے پر دوبارہ مقدمات کا سامنا کریں گے، پی ٹی آئی سینٹر

اسلام آباد (خبر نگار) عدالت پیشی کے موقع پر عمران خان کی ٹانگ دوبارہ زخمی ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی سینیٹر شبلی فراز نے ٹویٹر پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے سکیورٹی کی عدم فراہمی کی وجہ سے پیدا ہونے والی دھکم پیل کے باعث کل لاہور ہائیکورٹ میں عمران خان کی ٹانگ دوبارہ زخمی ہو گئی۔ ڈاکٹرز نے چیئرمین پی ٹی آئی کو 10 روز آرام کا مشورہ دیا ہے، عمران خان عدالتوں کا احترام کرتے ہیں، صحتیاب ہونے کے بعد دوبارہ سیاسی بنیادوں پر قائم مقدمات کا سامنا کریں گے۔ یاد رہے کہ عمران خان گزشتہ روز لاہور ہائیکورٹ میں مقدمات کے اخراج سے متعلق کیس میں پیش ہوئے تھے، انہوں نے سماعت کے دوران کہا کہ عدالت کو کہہ رہا ہوں انہوں نے مجھے قتل کرنا ہے، مجھے 2 مرتبہ قتل کرنے کی کوشش کی گئی۔ وزیرآباد اور اسلام آباد ہائیکورٹ پیشی کے دوران مجھے مارنے کی کوشش ہوئی۔ عمران خان کے وکیل سلمان صفدر نے کہا کہ کس نے وزیرآباد واقعے کے ملزم کا اقبالی بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے چیکنگ کے دوران 1400 لیٹر مضر صحت دودھ برآمد کر کے تلف کر دیا

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے چیکنگ کے دوران 1400 لیٹر مضر صحت دودھ برآمد کر کے تلف کر دیا۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر ملاوٹی دودھ مافیا کے خلاف پنجاب بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے اور گزشتہ روز لاہور میں داخل ہونیوالی دودھ بردار گاڑیوں کی 6 داخلی راستوں پر چیکنگ کی گئی اور اس دوران 231400 لیٹر دودھ کی چیک کیا گیا جس میں 1400 لیٹر ملاوٹی و ناقص دودھ برآمد ہوا جس کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔ انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

خیبر، بھگیاڑی چیک پوسٹ کے قریب افغانستان جانے والے ٹرالر پر آتشزدگی، جانی نقصان نہیں ہوا

پشاور (نیوز رپورٹر) خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر کی تحصیل جمرود کے علاقے بھگیاڑی چیک پوسٹ کے قریب پاک افغان بین الاقوامی شاہراہ پر افغانستان جانے والے مال بردار ٹرالر پر نامعلوم وجوہات کی بنا پر اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ ریسکیو 1122 خیبر کے مطابق کنٹرول روم کو اطلاع موصول ہوتے ہی فائر وہیکل جائے وقوعہ کی جانب روانہ کر دی گئی۔ فائر فائٹرز نے موقع پر پہنچ کر چند ہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

یورپی بلاک پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے، صدر سیالکوٹ وومن چیمبر

سیالکوٹ (نیوز رپورٹر) صدر سیالکوٹ وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز ڈاکٹر مریم نعمان نے کہا ہے کہ تاجر برادری جی ایس پی پلس کی اہمیت اور پاکستان کے ایس ایم ای سیکٹر کی حمایت جاری رکھنے سے بخوبی آگاہ ہے، یورپی بلاک پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یورپی یونین کے وفد کے دورہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ اور پٹواریان حلقہ کے درمیان ٹھن گئی

اے سی نے شبیر عزیز پٹواری کو خراب پرفارمنس اور بدانتظامی کے الزامات کی بنا پر معطل کر دیا

تحصیل بھر کے پٹواریوں نے آج ضلعی و تحصیل صدور کی میٹنگ میں اے سی گوجرخان کے تبادلے تک ہڑتال کا اعلان کر دیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ اور حلقہ پٹواریاں گوجرخان کے درمیان ٹھن گئی حلقے کے پٹواریوں نے اے سی کے تبادلے تک ہڑتال کا اعلان کر دیا عوام جائے بھاڑ میں اپنی کارکردگی ٹھیک کرنے اور عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کے بجائے اپنے مطالبات منوانے کے لیے پٹواریوں نے ایکا کر لیا اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نے شبیر عزیز پٹواری کو بری کارکردگی، نااہلی اور سروس میں بدانتظامی کے الزام میں فوری طور پر معطل کر دیا اے سی گوجرخان کی جانب سے لکھے گئے لیٹر کے مطابق انہیں بار بار ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے کاموں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



OFFICE OF THE
ASSISTANT COMMISSIONER
GUJAR KHAN

ORDER

Mr. Shabbir Aziz Patwari is hereby placed under suspension with immediate effect on the charge of bad performance, inefficiency and misconduct of service. He has been repeatedly directed to complete his tasks as per directions of the learned Commissioner, Rawalpindi Division, Rawalpindi within due course of time i.e. preparation of manual Jamabandis and completion of Girdawari Rabee 2023 which is a time limit task, whereas, instead of making his performance better, he has shown aggressive and bad behavior towards the staff. Moreover, despite of several calls and summoning through Office Qanungo, the said has failed to present himself.

Mr. Shabbir Aziz, Patwari is directed to present himself and submit satisfactory evidence/explanation to the undersigned. Further, notice u/s 7B of the PEEDA Act, 2006 will be issued to him for initiation of inquiry proceedings.

Assistant Commissioner
Gujar Khan

گوجرخان: اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی: اڈیالہ پریس کلب میں ہیپاٹائٹس سی فری کیمپ کے دورہ پر صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جمال ناصر کو بانی صدر راجہ عابد پرویز، محمد بشیر راجہ و دیگر کے ہمراہ شیلڈ دے رہے ہیں

سابق ایم این اے لیاقت عباس بھٹی نے مسلم لیگ ن میں شمولیت اختیار کر لی

ہم نے پہلے بھی ملک کو بھنور سے نکالا تھا، ملک کو دلدل سے صرف مسلم لیگ ن ہی نکال سکتی ہے، حمزہ شہباز

کاہنہ (جنرل رپورٹر) مسلم لیگ ق کے سینئر رہنماؤں نے ن لیگ میں شمولیت، ن لیگی اختر بادشاہ کا خیر مقدم، گذشتہ روز سابق ارکان اسمبلی شعیب شاہ نواز اور سابق ایم این اے لیاقت عباس بھٹی نے مسلم لیگ ن میں شمولیت اختیار کر لی، پاکستان مسلم لیگ ن کے سابق ایم پی اے اور صوبائی امیدوار اختر حسین میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے، انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ ق کے سابق ارکان اسمبلی شعیب شاہ نواز اور لیاقت بھٹی نے مسلم لیگ ن کے رہنماء اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز سے ان کے آفس ماڈل ٹاؤن میں ملاقات کی اس موقع پر ن لیگی سابق رکن پنجاب اختر حسین بادشاہ، وزیراعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

عام انتخابات سے متعلق حکومتی اور اپوزیشن مذاکراتی کمیٹیوں کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی

حکومت انتخابی تاریخ پر مزید لچک دکھانے کو تیار، پی ٹی آئی نے بجٹ پیش کرنے کی شرط پر نیم رضامندی ظاہر کر دی

سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد دوبارہ مذاکرات ہو سکیں گے۔ پی ٹی آئی نے ن لیگ سے اپنی صفوں میں اتحاد لانے کی بات کی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عام انتخابات سے متعلق حکومتی اور اپوزیشن مذاکراتی کمیٹیوں کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی۔ میڈیا کے مطابق حکومت انتخابی تاریخ پر مزید لچک دکھانے کو تیار ہو گئی۔ اجلاس میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق ہوا۔ مزید مذاکرات سپریم کورٹ میں رپورٹ جمع کرانے کے بعد ہو سکتے ہیں۔ اجلاس میں وفاقی حکومت نے 14 مئی سے پہلے اسمبلیاں تحلیل کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا بجٹ سے پہلے اسمبلیاں تحلیل نہیں کر سکتے۔ پی ٹی آئی نے بجٹ پیش کرنے کی شرط پر نیم رضامندی ظاہر کر دی۔ اجلاس میں اسمبلیاں توڑنے کی تاریخ پر اتفاق نہ ہونے پر مذاکرات میں تعطل آیا۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد دوبارہ مذاکرات ہو سکیں گے۔ پی ٹی آئی نے ن لیگ سے اپنی صفوں میں اتحاد لانے کی بات کی۔ پی ٹی آئی کا موقف تھا کہ ن لیگ کے کئی وزراء کے رویوں کی وجہ سے بداعتمادی پیدا ہو سکتی ہے۔ حکومتی کمیٹی نے وفاقی وزراء کے منفی بیانات کو غیر ضروری قرار دیا۔ دوسری جانب قبل ازیں فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ مریم نواز اور ن لیگ کی مہم نیب ترامیم کی سماعت کرنے والے بینچ کی تحلیل کیلئے ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل نہ ہوا تو ملک کے مستقبل کا فیصلہ سڑکوں پر ہوگا، ن لیگ کی اندرونی سیاست مذاکرات کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ نیب ترامیم کالعدم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

12 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

آٹے سے لدی 04 گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کارروائی، آٹے سے لدی 04 گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 04 ڈرائیور گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، ڈرائیور سہیل کو گرفتار کر کے 1100 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، مندرہ پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے 03 ڈرائیوروں عادل، محسن اور فیاض کو گرفتار کر کے 3150 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ 04 ڈرائیور گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، ڈرائیور سہیل کو گرفتار کر کے 1100 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، مندرہ پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے 03 ڈرائیوروں عادل، محسن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پی ٹی آئی رہنما عذرا پروین کا بھائی اپنے دوست کی فائرنگ سے زخمی

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما عذرا پروین کے بھائی کو اسکے دوست نے فائرنگ کر کے زخمی کر دیا، پولیس نے بروقت کارروائی کر کے ملزم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پرویز الٰہی کیخلاف اینٹی کرپشن مقدمے میں گرفتار ملزم سہیل اصغر فرار، مونس الٰہی کا ردِعمل

لاہور (اسپیشل رپورٹر) مونس الٰہی کا کہنا ہے کہ نامعلوم افراد نے اب پولیس کی حراست سے بھی لوگوں کو اٹھانا شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی نے ٹوئیٹر پر اپنے بیان میں سہیل اصغر کے فرار ہونے پر ردِعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ سہیل اصغر جب بھی عدالت میں پیش ہوتا اور مقدمہ سے بری ہو جاتا تھا تو اسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

میاں مراد حسین نیکوکارہ کا بنیادی مرکز صحت قاضیاں کا سرپرائز وزٹ

گورنمنٹ کی جانب سے ملنے والی بنیادی سہولیات کے متعلق دریافت کیا تمام تر انتظامات کو تسلی بخش پایا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ کا بنیادی مرکز صحت قاضیاں کا دورہ ہسپتال کی تمام وارڈز کو چیک کیا ہسپتال میں ملنے والی بنیادی سہولیات کو خصوصی طور پر چیک کیا اور خاص کر ہسپتال میں آئے اور ایڈمٹ مریضوں سے بالمشافہ مل کر ان سے ہسپتال میں ملنے والی بنیادی سہولیات اور ہسپتال کے عملے کے رویے کے متعلق دریافت کیا انہوں نے ایڈمٹ مریضوں سے پوچھا کہ آپ لوگوں کو دوائیاں ہسپتال سے مل رہی ہیں یا کہ ڈاکٹرز باہر سے دوائیاں منگواتے ہیں مریضوں نے بتایا کہ تمام ادویات ہمیں ہسپتال سے مل رہی ہیں اور کسی بھی قسم کا کوئی مسئلہ نہیں ہے اے سی گوجرخان نے فارمیسی وارڈ، لیبارٹری، زچہ بچہ سنٹر کا وزٹ کیا اے سی گوجرخان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ کا بنیادی مرکز صحت قاضیاں کا دورہ کر رہے ہیں

رجسٹرار آفس سپریم کورٹ کا الیکشن کمیشن کی نظرثانی درخواست پر اعتراض عائد

درخواست میں رہنما تحریک انصاف میاں محمود الرشید کا نام شامل نہیں، اعتراض

حکومت کی جانب سے فنڈز نہیں ملے، موجودہ صورتحال میں انتخابات کرانے سے قاصر

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) الیکشن کمیشن کی نظرثانی درخواست پر اعتراض عائد کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن کی نظرثانی درخواست میں فریقین کی نامکمل تعداد کی نشاندہی کر دی ہے۔ رجسٹرار آفس نے اعتراض عائد کیا ہے کہ درخواست میں رہنما تحریک انصاف میاں محمود الرشید کا نام شامل نہیں، محمود الرشید کا نام فریقین میں شامل تھا، نظرثانی درخواست میں محمود الرشید کا نام شامل ہونا ضروری ہے۔ یاد رہے کہ الیکشن کمیشن نے 14 مئی کو ہونے والے پنجاب اسمبلی کے انتخابات کے حوالے سے سپریم کورٹ میں نظرثانی درخواست دائر کی ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ سپریم کورٹ 4 اپریل کے فیصلے پر نظرثانی کرے، حکومت کی جانب سے فنڈز نہیں ملے، موجودہ صورتحال میں انتخابات کرانے سے قاصر ہیں۔ قبل ازیں الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 14 مئی کو پنجاب اسمبلی کے انتخابات کو واضح طور پر ناممکن قرار دیدیا۔ الیکشن کمیشن نے اس حوالے سے سپریم کورٹ میں تین رپورٹیں جمع کرائی ہیں۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ مذکورہ تاریخ کو صوبائی انتخابات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ عدالت عظمیٰ اس معاملے کی مزید سماعت کیلئے کوئی تاریخ مقرر نہیں کی ہے۔ مقررہ تاریخ تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت کی خصوصی ہدایت پر تھانہ صدر پولیس کی کارروائی

شیخوپورہ (جنرل رپورٹر) ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت کی خصوصی ہدایت پر تھانہ صدر پولیس کی کارروائی ٹالی ڈکیت گینگ کے 5 ارکان سرغنہ سمیت گرفتار قبضے سے آتشی اسلحہ لاکھوں روپے نقدی اور مال مسروقہ برآمد ہوا ہے ایس ایچ او تھانہ صدر مہر بنواز کے مطابق صدر پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی میں خطرناک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ایس ایم تنویر سے ایوان صنعت و تجارت گجرات کے وفد کی ملاقات

گجرات کی انڈسٹری کو درپیش مسائل پر بات چیت، صوبائی وزیر کی مسائل کے حل کی یقین دہانی

صنعتکاروں کا نمائندہ ہوں اور ان کے مسائل کے حل کیلئے ہمہ وقت حاضر ہوں، ایس ایم تنویر

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر سے ایوان صنعت و تجارت گجرات کے وفد کی مقامی ہوٹل میں ملاقات ہوئی۔ وفد کی قیادت معروف صنعتکاروں سابق میئر گجرات حاجی ناصر محمود کر رہے تھے۔ ملاقات میں گجرات کی انڈسٹری کو درپیش مسائل پر بات چیت ہوئی۔ وفد نے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ گجرات کے بورڈ کی تشکیل، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ میں کچھ پلاٹوں کی ریگولرائزیشن اور گجرات میں نئی انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے مطالبات پیش کیے۔ صوبائی وزیر نے گجرات کے صنعتکاروں کے جائز مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ صوبائی وزیر صنعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

شہری کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار، صادق آباد پولیس

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) صادق آباد پولیس کی کارروائی، شہری کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شہری کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم سجاد حسین کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم گزشتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

عوام تک ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات پہنچانے کیلئے ان کی بروقت تکمیل ضروری ہے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساؤتھ پنجاب

مظفرگڑھ (سٹی رپورٹر) ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساؤتھ پنجاب کیپٹن ریٹائرڈ ثاقب ظفر نے سالانہ ترقیاتی پروگرام، گندم کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

انفورسمنٹ انسپکٹر ملک فیض اللہ کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ

سیاسی و سماجی، وکلا، تاجر اور صحافی برادری کی کثیر تعداد میں شرکت

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجرخان یونین کونسل کلیام اعوان کی ممتاز شخصیت ملک امان اللہ کے پوتے اور بلدیہ گوجرخان کے انفورسمنٹ انسپکٹر ملک فیض اللہ کے صاحبزادے ملک وقار فیض کی رسم ولیمہ کی تقریب مقامی ہوٹل میں ادا کی گئی جس میں راجہ خرم پرویز راجہ سہیل کیانی راجہ جواد غفور کیانی سابق سٹی ناظم شاہ ولی خان، کامران بھٹی، ملک ناصر، شوکت مغل راقم عزت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

گوجرخان: انفورسمنٹ انسپکٹر ملک فیض اللہ کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ

وفاقی وزیر مذہبی امور سینیٹر طلحہ محمود کی زیر صدارت حج انتظامات اور معاونین کی تربیت کے حوالے سے اجلاس

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وفاقی وزیر مذہبی امور سینیٹر طلحہ محمود کی زیر صدارت بدھ کو وزارت مذہبی امور میں حج انتظامات اور معاونین کی تربیت کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ اس موقع پر وزیر مذہبی امور نے کہا کہ جدہ و مدینہ ایئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

ذاتی مفادات کیلئے پاکستان کی سلامتی داؤ پر لگانے والوں کو قوم معاف نہیں کرے گی، علماء مشائخ

جن آئینی، سیاسی اور معاشی بحرانوں کا سامنا ہے ان کا واحد حل نظام مصطفیٰ ﷺ کا نفاذ ہے، صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی

نسلِ نو کی بے راہ روی کا اہم ترین سبب قرآنی تعلیمات سے دوری ہے، شعبہ امور نوجوانان علماء مشائخ کے وفد سے گفتگو

کراچی (خصوصی رپورٹر) ملک بھر کے علماء مشائخ کی نمائندہ تنظیم علماء مشائخ فیڈریشن آف پاکستان کے چیئرمین سفیر امن صاحبزادہ احمد عمران نقشبندی مرشدی سجادہ نشین آستانہ عالیہ بھیج پیر جٹا نے کہا ہے کہ ذاتی مفاد کیلئے مملکت خداداد پاکستان کی سلامتی داؤ پر لگانے والوں کو قوم معاف نہیں کرے گی، اس وقت مملکت خداداد پاکستان کو جن سیاسی اور معاشی بحرانوں کا سامنا ہے، ان کا واحد حل نظام مصطفیٰ ﷺ کا نفاذ ہے، آئینی اداروں کے ٹکراؤ سے ملکی سلامتی، استحکام، امن اور معاشی خوشحالی داؤ پر لگ چکی ہے، پاکستانی معیشت اور معاشرہ دونوں ہی اس بات کے متحمل نہیں ہو سکتے کہ افراتفری اور اضطراب کی کیفیت کو برقرار رکھا جائے۔ نسلِ نو کی بے راہ روی کا اہم ترین سبب قرآنی تعلیمات سے دوری ہے، ہمارے معاشرے کو اسلامی اقدار اور عقائد سے دور کر کے کھوکھلا کیا جا رہا ہے، ان آزادیوں کی وجہ سے معاشرتی زندگی سخت انتشار کا شکار ہے، دنیا کے گلوبل ویلج بننے کے بعد اب ایک نئی تہذیب رائج ہوتی جا رہی ہے جس نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

پنجاب کالج کاہنہ کیمپس میں اسکالرشپ ٹیسٹ کی تقریب تقسیم انعامات منعقد

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب کالج کاہنہ کیمپس میں منعقد ہونے والے اسکالرشپ ٹیسٹ کی تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ جس میں حصہ لینے والے طلبا و طالبات اور ان کے والدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ / چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام محترمہ شازیہ مری اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں

12 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں، 12 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق پیرودہائی پولیس نے ملزم طارق سے 01 کلو 60 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم خادم سے 01 کلو 250 گرام چرس، تھانہ پتریاٹہ پولیس نے ملزم قمر اسماعیل سے 01 کلو 800 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم ندیم سے 200 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم یسٰین سے 525 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم رحمان اللہ سے 540 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزمان جہانگیر اور خانزادہ عادل سے 230 گرام چرس، ملزم فہد جمال سے 240 گرام چرس، ملزم آکاش سے 220 گرام چرس، سٹی پولیس نے ملزم سفیر رفیق سے 15 لیٹر شراب، کینٹ پولیس نے ملزم عثمان سے 03 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ملزم سہیل اصغر اعوان گوجرانوالہ اینٹی کرپشن کی حراست سے فرار

ملزم کو طبیعت کی خرابی پر ہسپتال لے جایا جا رہا تھا کہ وہ موقع پا کر فرار ہو گیا

لاہور (سٹی رپورٹر) محکمہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے مطابق سہیل اصغر اعوان گوجرانوالہ اینٹی کرپشن کی حراست سے فرار ہو گیا ہے۔ ملزم سہیل اصغر اعوان 2 روز جسمانی ریمانڈ پر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ کی حراست میں تھا۔ ملزم کے خلاف گوجرانوالہ تھانہ ماڈل ٹاؤن میں فرار ہونے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ ملزم سہیل اصغر اعوان کی گرفتاری کے لیے اینٹی کرپشن اور گوجرانوالہ پولیس کی ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں ہیں۔ اینٹی کرپشن پنجاب اور گوجرانوالہ پولیس کی ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

کراچی چڑیا گھر کی ہتھنی نور جہاں کی موت کا معاملہ عدالت پہنچ گیا

کراچی (جنرل رپورٹر) کراچی چڑیا گھر کی ہتھنی نور جہاں کی موت کا معاملہ عدالت پہنچ گیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جنوبی کی عدالت میں ہتھنی کی موت پر مقدمہ درج کرنے کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ فریقین کے وکلا نے دلائل مکمل کر لیں۔ عدالت نے درخواست پر فیصلہ محفوظ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

بینظیر انکم سپورٹ 90 لاکھ خاندانوں کو مالی معاونت فراہم کر رہا ہے، شازیہ مری

وفاقی وزیر نے غریب خاندانوں کی مدد جاری رکھنے کیلئے عالمی بینک کے تعاون کو بے حد سراہا

اجلاس میں سیکرٹری بینظیر انکم سپورٹ پروگرام یوسف خان اور پروگرام کے دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ / چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام محترمہ شازیہ مری نے کہا ہے کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اس وقت کم آمدنی والے 90 لاکھ خاندانوں کو مالی مدد فراہم کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ہیڈ کوارٹر کے دورہ پر آئے ہوئے عالمی بینک کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وفد کی قیادت عالمی بینک کی نائب صدر برائے انسانی ترقی ممتا مرتھی کر رہی تھیں۔ وفاقی وزیر نے غریب خاندانوں کی مدد جاری رکھنے کیلئے عالمی بینک کے تعاون کو بے حد سراہا۔ اجلاس میں سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

رتہ امرال پولیس کی کارروائی، اپنی منگیتر سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) رتہ امرال پولیس کی کارروائی، اپنی منگیتر سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق متاثرہ خاتون نے رتہ امرال پولیس کو درخواست دی کہ اس کی ملزم مصطفیٰ رضا سے منگنی ہوئی تھی جس نے شادی کا جھانسہ دے کر زیادتی کا نشانہ بنایا، رتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

سیکرٹری تحفظ ماحولیات کی زیر صدارت ہیٹ ویو بارے اجلاس کا انعقاد

محکمہ صحت، پی ڈی ایم اے اور اربن ڈیپارٹمنٹ سات روز میں پلان تشکیل دیں، ڈاکٹر ساجد محمود چوہان

لاہور (اسپیشل رپورٹر) شہریوں کی جان و مال اور صحت کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ محکموں کو ملکر باہمی مشاورت سے ایک لائحہ عمل ترتیب دینے کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے جبکہ پی ڈی ایم اے اور سیار کو بھی حکومتی ٹیم میں شامل کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری محکمہ تحفظ ماحول ڈاکٹر ساجد محمود چوہان نے کمیٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

صدر مملکت حکومت اور PTI کے مذاکرات کی کامیابی کیلئے بھی پرامید

آئین سے کسی صورت انحراف نہیں ہونا چاہیے، الیکشن نہ ہونے کا کوئی ٹھوس جواز نہیں، صدر عارف علوی کا بیان

صدر عارف علوی نے مزید کہا کہ شفاف انتخابات کے لیے الیکٹرانک ووٹنگ مشینیں متعارف کرانے کی حمایت کر رہے ہیں

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی حکومت اور پی ٹی آئی کے مذاکرات کی کامیابی کے لیے بھی پرامید ہیں۔ صدر مملکت عارف علوی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ آئین سے کسی صورت انحراف نہیں ہونا چاہیے۔ الیکشن نہ ہونے کا کوئی ٹھوس جواز نہیں، کہا جا رہا ہے الیکشن کے لیے پیسے نہیں ہیں لیکن ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ عوام خود سڑکوں پر نہیں آتے بلکہ سیاستدان انہیں متحرک کرتے ہیں۔ ملکی حالات خراب نہیں کہ الیکشن نہ ہو سکیں۔ امریکی میں خانہ جنگی میں بھی وقت پر انتخابات کرائے گئے۔ یہ طرز عمل جمہوری اقدار کو مزید تقویت دیتا ہے۔ صدر عارف علوی نے مزید کہا کہ شفاف انتخابات کے لیے الیکٹرانک ووٹنگ مشینیں متعارف کرانے کی حمایت کر رہے ہیں۔ پاک فوج کی جانب سے ایک بار کہا گیا ہے کہ پاک فوج غیر سیاسی ادارہ ہے۔ خیال رہے کہ ملک بھر میں ایک دن الیکشن کرانے پر حکومتی اتحاد اور پاکستان تحریک انصاف کے درمیان اتفاق ہو گیا۔ حکومتی اتحاد اور پی ٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035